اولین مسانید میں سے مُسند أبي داود الطيالسي کا آسان اور سلیس اُردو ترجمہ

مُسند أبي داود الطيالسي مُترجم

تالیف

امام ابوداؤد سلیمان ابن داؤد ابن الجارود طیالسی المتوفی ۲۰۴ھ

مُترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

https://archive.org/details/@zohaibhasanattari

اولین مسانید میں سے مُسند أبي داود الطيالسي کا آسان اور سلیس اُردو ترجمہ

مُسند مُترجم
أبي داود الطيالسي

مصنف

سُلیمان بن داود بن الجارود
المتوفی ۲۰۴ھ

اوّل جلد

مُترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ۰ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ۰ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

AlHidayah - الهداية

مُسنَد أبي داود الطيالسي

سُلیمان بن داود بن الجارود

المتوفی ۲۰۴ھ

اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

جلد اوّل

مُترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

باراول	....	ستمبر 2014ء
پرنٹرز	....	آرآر پرنٹرز
تعداد	....	1100/-
ناشر	....	چوہدری غلام رسول۔ میاں جوادرسول میاں شہزادرسول
قیمت	....	=/ روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز

فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111

E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو

۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8636776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464

Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ٥ غزنی سٹریٹ

اُردو بازار ٥ لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

AlHidayah - الهداية

فہرست

AlHidayah - الہدایۃ

عنوانات	صفحہ

AlHidayah - الهداية

AlHidayah - الهداية

☆☆☆☆☆

AlHidayah - الهداية

الاھداء

احقر اپنی اس کاوش کو عالمِ اسلام کی عظیم روحانی شخصیت جن کی عظمت کا جھنڈا پورے عالم اسلام پر چمک رہا ہے' جنہوں نے کروڑوں لوگوں کے مردہ دلوں کے اندر توحید و رسالت کی خوشبو بکھیری۔

جن کو سرتاج اولیاء' سلطان الاولیاء' نائب رسول' عطائے رسول' حضور خواجہ خواجگان حضرت معین چشتی نے ان القابات سے نوازا ہے:

گنج بخش فیض عالم مظہر نورِ خدا ناقصاں را پیر کامل' کامل راہنما

علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش اور سلطان الفقر حضور سیّدی و مرشدی' آقائے نعمت' پیر سیّد غلام دستگیر چشتی مشہدی کاظمی موسوی قدس سرہُ العزیز اور نائب سلطان الفقر حضور مرشدی وسیدی پیر سید احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی دام اللہ ظلہ کے نام کرتا ہوں' جن کی خاص توجہ اور دعاؤں کے صدقے احقر اس قابل ہوا۔

خاکپائے علماءِ حق اہل سنت و جماعت
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

☆☆☆☆☆

AlHidayah - الهداية

انتساب

احقر العباد اپنی اس کاوش کو اپنے جملہ اساتذہ کے نام اور خصوصاً استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر یادگارِ اسلاف، میرے محسن و مربی

حضور مفتی گل احمد خان عتیقی مدظلہ العالی

اور محافظ ناموسِ رسالت داعیٔ اتحاد اہل سنت، علمبردارِ فکرِ رضا، میرے محسن و مشفق استاذی المکرّم

حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفٰے نقشبندی

اور داعیٔ فکر حضرت صدر الافاضل شیخ الحدیث والتفسیر، مفکرِ اسلام میرے محسن و مربی و مشفق

حضرت علامہ مولانا ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی

کے نام کرتا ہوں جن کی شب و روز کی محنت اور دعاؤں کے صدقے احقر اس قابل ہوا ہے۔

خاکپائے علماءِ حق اہل سنت و جماعت
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

☆☆☆☆☆

AlHidayah - الهداية

عرضِ ناشر

اللہ عزوجل اور رسول اللہ ﷺ کے فضل وکرم سے اور آپ حضرات کی دعاؤں کے طفیل ادارہ پروگریسو بکس' اُردو بازار' لاہور نے بہت تھوڑی مدت میں بہت زیادہ نایاب کام شائع کر کے آپ حضرات تک پہنچائے ہیں۔ اس سے پہلے ادارہ کی طرف سے کئی موضوعات پر کتب شائع کی گئی ہیں اور احادیث مبارک میں سے ریاض الصالحین' مسند حمیدی' صحیح ابن خزیمہ' صحیح ابن حبان' شرح الادب المفرد' شرح مسند امام اعظم' مؤطا امام مالک' مؤطا امام محمد' سنن ابوداؤد' صحیح مسلم کے تراجم شائع کیے جا چکے ہیں۔ اس سلسلہ کو برقرار رکھتے ہوئے اب ادارہ کی طرف سے سب سے پہلی لکھی جانے والی مسند ابوداؤد الطیالسی کا ترجمہ ہے' جو آپ کے ہاتھوں میں موجود ہے۔ اس حدیث شریف کی کتاب کا ترجمہ عالم اسلام کی عظیم روحانی و دینی درسگاہ کے فاضل و مدرس محترم المقام حضرت علامہ مولانا غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی نے کیا ہے۔ مولانا نے بڑی محنت و کاوش کے ساتھ ترجمہ کیا ہے۔ اللہ عزوجل مولانا صاحب کے علم وعمل میں مزید برکت دے اور مزید دین کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

اور آخر میں ہم اپنے ادارہ کے کمپوزر جناب ریحان علی صاحب کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتے ہیں جنہوں نے دن رات ایک کر کے اس کتاب کی کمپوزنت کی' اللہ تعالیٰ ان کی محنت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے! آمین!

الداعی الی الخیر:
چوہدری غلام رسول
چوہدری شہباز رسول
چوہدری جواد رسول
چوہدری شہزاد رسول

☆☆☆☆☆

AlHidayah - الهداية

عرضِ مترجم

تمام تعریفیں اللہ عزوجل کی ذاتِ پاک کے لیے اور درود و سلام اس ذاتِ پاک پر جس کے نام سے یہ کائنات کا نظام چل رہا ہے۔ امابعد! قرآن پاک کے بعد مقام و مرتبہ سرکارِ دوعالم ﷺ کے ارشاداتِ عالیہ کا ہے۔ بڑا خوش نصیب وہ انسان ہے جس کو اللہ عزوجل اپنے مصطفیٰ ﷺ کے دین کی خدمت کے لیے چن لے اور جس انسان کو دین کی خدمت کی توفیق مل جائے اس کو اس پر بڑا خوش رہنا چاہیے۔ راقم الحروف جتنا بھی اللہ عزوجل اور اس کے رسول ﷺ کا شکر یہ ادا کرے اتنا ہی کم ہے۔

راقم الحروف کو تحریر کا شوق زمانۂ طالب علمی ہی میں بہت زیادہ تھا کہ جب میں اپنے اساتذہ کرام اور بزرگوں کو دینی کتب کا مطالعہ کرتے اور تحریر میں مگن دیکھتا تو دل سے یہ آواز آتی کہ کاش مجھے بھی اللہ عزوجل اپنے پیارے حبیب ﷺ کے صدقے سے یہ ذوق اور شوق عطا فرمائے۔ پھر اس کے بعد لگن و شوق میں مزید اضافہ ہوتا رہا' آخر کار جب دورۂ حدیث شریف پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی تو میرے عظیم محسن و راہنما جناب مفتی ڈاکٹر محمد عارف نعیمی صاحب سے سنن ابن ماجہ پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ آپ نے کتاب کے شروع کرنے سے پہلے فرمایا: ہم سنن ابن ماجہ کے اسماء ورجال پر گفتگو کیا کریں گے' میں لکھا کر لاؤں گا اور آپ حضرات اس کو اپنی کاپی پر نوٹ کرتے جائیں۔ یہ سلسلہ کچھ دن چلا' پھر آپ نے فرمایا: آپ بھی کتب اسمائے رجال کا مطالعہ کر کے آیا کریں اور جو سمجھ آئے اس کو لکھ لایا کرو۔ کچھ ساتھیوں نے اس کی حامی بھرلی' آپ نے کتب کے نام بھی بتادیئے' ایک دو دن تک کام جاری رہا' آخر کار ساتھی ہمت ہار گئے' یہ مسلسل جاری نہ رہ سکا اور ذوق بھی کم تھا۔ اس لیے استاذ صاحب نے اس کی طرف توجہ کم کر دی' لیکن راقم الحروف کے شوق و ذوق میں مزید اضافہ ہوا' پھر سلسلہ چل پڑا۔ پھر اس کے بعد تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کی طرف سے دیئے گئے مقالہ جات میں مقالہ تحریر کیا' جس کا عنوان حضرت صدرالافاضل کی تفسیر خزائن العرفان کے ایک سپارے کی تخریج اور اعلیٰ حضرت کا علمی مقام تھا' یہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی تھی جس کو احقر نے بڑی جلد لکھ لیا۔ اس کے بعد علامہ ظفر الدین بہاری علیہ الرحمۃ کی کتاب دورِ صحابہ میں ایصالِ ثواب کی مختلف صورتیں' اس کی تخریج کی۔ اس کے بعد سلسلہ چل پڑا' جو تاہنوز اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے جاری ہے۔ اس کے بعد احقر نے مسند ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ کیا جو آپ حضرات کے ہاتھوں میں ہے۔ اس سلسلہ میں کتنی مشکلات و

AlHidayah - الهداية

تکالیف کا سامنا کرنا پڑا' جس کا ذکر نہ کرنا ہی بہتر ہے۔ اس سلسلہ میں جن حضرات نے تعاون کیا کتبِ حدیث کے پیش نظر اُن حضرات کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ سب سے پہلے جس شخص نے میرے ساتھ تعاون کیا ہے اُن کا نام نامی کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے' میری مراد استاذ الاساتذہ شیخ القرآن والحدیث زینت سند تدریس حضرت العلام مفتی گل احمد خان عتیقی صاحب مدظلہ العالی' شیخ الحدیث جامعہ رسولہ شیرازیہ کا' جنہوں نے اتنا تعاون کیا ہے جن کا ذکر الفاظ کی صورت میں نہیں کر سکتا۔ اتنا ضرور کہوں گا کہ اگر آپ کا تعاون شاملِ حال نہ ہوتا تو ہوسکتا ہے کہ یہ اتنا بڑا کام مکمل نہ ہوسکتا۔ اس کے بعد اہل سنت کی عظیم شخصیت مجاہد ملت اسلامیہ' محافظ ناموسِ رسالت' علمبردار فکر رضا' داعیٔ اتحاد اہل سنت حضرت العلام استاذی المکرّم صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی صاحب' ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ اور صدر تحفظ ناموسِ رسالت محاذ کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ آپ کا تعاون جتنا احقر کے شاملِ حال رہا' اس کا ذکر الفاظ کی صورت میں ناممکن ہے۔ آپ نے زمانۂ طالب علمی میں ہی احقر کو جامعہ کی لائبریری کی چابی عنایت فرمائی تھی جو ابھی تک میرے پاس موجود ہے' آپ نے اجازت عامہ عطا فرمائی ہوئی ہے کہ جس وقت آپ چاہیں مطالعہ کریں' دن یا رات کے کسی بھی وقت۔ راقم نے مسند ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ جس نسخہ سے کیا وہ جامعہ کی ہی لائبریری کا ہے' اس کے علاوہ ہر طرح کا تعاون شاملِ حال رہا۔ اس کے علاوہ استاذی المکرّم مفکر اسلام ڈاکٹر محمد عارف نعیمی صاحب کا' جن کے توسط سے احقر کو قلم پکڑنے کا طریقہ معلوم ہوا۔ آپ نے مفید مشوروں سے نوازا۔ استاذی المکرّم شیخ الحدیث مفتی محمد اشرف بندیالوی' جنہوںؒ نے اپنی دعاؤں کی صورت میں تعاون کیا۔ استاذی المکرّم علامہ مولانا محمد یونس صاحب' حضرت علامہ مولانا میاں محمد رضا صاحب کا' حضرت علامہ مولانا محمد مقصود نقشبندی صاحب کا اور میرے زمانۂ طالب علمی کے ساتھی' انتہائی خلوص والے جناب حضرت علامہ مولانا طاہر رضا چشتی صاحب کا بھی شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھا۔

آخر میں شیخ طریقت کے لختِ جگر حضرت پیر سیّد احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ ہوا ایسے ہے کہ آپ جب لاہور تشریف لائے' احقر آپ کی زیارت وملاقات کے لیے گیا اور ساتھ کتاب کا مسودہ بھی لے گیا۔ آپ کو پیش کیا' آپ نے ملاحظہ کیا اور بے حد خوش ہوئے اور بڑے خلوص کا اظہار فرمایا اور فرمانے لگے: میری دعا آپ کے شاملِ حال ہے۔ احقر نے عرض کی: حضور! کچھ مشکلات بھی ہیں' آپ نے فرمایا: انشاء اللہ العزیز! اللہ عزوجل مشکلات آسان کر دے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سارا آپ کی دعاؤں کا نتیجہ ہے' اللہ عزوجل آپ کا سایہ تا دیر تک موجود رہے' آپ کے روحانی فیوض و برکات سے ہم سب کو مستفید فرمائے!

AlHidayah - الهداية

حرفِ آخر

آخر میں اُن حضرات کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے کمپوزنگ و دیگر معاملات میں تعاون کیا ہے' ہر دل عزیز شخصیت محترم المقام جواد رسول صاحب اور آپ کے دیگر برادران کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس کو شائع کرنے میں بھرپور حصہ لیا۔ محترم جواد رسول صاحب نے تو کتاب کے شائع کرنے میں جتنی محنت کی ہے اس کا اظہار الفاظ کی صورت میں ناممکن ہے۔ دعا گو ہوں کہ اللہ عزوجل اس ادراہ کو مزید برکت دے اور مزید خدمت دین کی توفیق ہے اور جنہوں نے کمپوزنگ میں بڑا تعاون کیا جناب محترم المقام ریحان علی صاحب' اللہ عزوجل ان کے اس خلوص میں مزید برکت دے۔

اعتذار

احقر کو اپنی کم علمی کا بھرپور ادراک ہے' قارئین کرام! اگر آپ اس میں کوئی اچھائی دیکھیں تو دعاؤں میں شامل رکھیں' اگر کوئی غلطی یا کمی ہو تو اس حوالہ سے تعاون کریں اور اچھا مشورہ دیں۔

غلام دستگیر چشتی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ

☆☆☆☆☆

AlHidayah - الهداية

تقریظ

جانشین محقق اسلام' مجاہد ملت اسلامیہ' محافظ ناموسِ رسالت' داعیٔ اتحاد اہل سنت' استاذی المکرّم شیخ الحدیث حضرت صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی مدظلہ العالی

ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج' لاہور

صدر تحفظ ناموسِ رسالت محاذ

مسند ابوداؤد طیالسی شریف جو کہ مسانید کی اوّلین کتب میں سے ہے' جس کے مصنف الحافظ الکبیر سلیمان بن داؤد بن الجارود الفارسی البصری الشہیر بابی داؤد الطیالسی المتوفی ۲۰۴ھ ہیں' آپ نے بڑی محنت کے ساتھ مسند کو مرتب کیا ہے' اللہ عزوجل ان بزرگوں کو نیک کاوش کی جزاء عطا فرمائے! جنہوں نے حضور ﷺ کی احادیث کو بڑی ذمہ داری سے جمع کر کے آنے والی اُمت تک پہنچایا۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ اُردو داں طبقہ مسند ابوداؤد طیالسی سے استفادہ کرے۔ اس ضرورت کو جامعہ رسولیہ شیرازیہ کے نوجوان عالم فاضل ومدرس مولانا غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی نے پورا کیا ہے۔ مولانا دورِ طالب علمی سے انتہائی محنتی اور لائق علم دوست' کتاب دوست پائے گئے ہیں۔ مولانا اس علمی ذوق کے سبب سے ہی اہم ترین کتب حدیث کے تراجم کر رہے ہیں۔ اُن میں سے مسند ابوداؤد طیالسی شریف بھی ہے' اللہ عزوجل کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اپنے پیارے حبیب ﷺ کے صدقے مولانا کو اسی علمی لگن کے ساتھ درسِ تدریس کے ساتھ ساتھ تصنیف وتالیف کا سلسلہ جاری رکھنے کا موقع عطا فرمائے۔ ان کی تحریر کو علم دوست حضرات کے لیے نفع کا سبب بنائے۔ آمین بجاہ سیّد العالمین!

رضائے مصطفیٰ نقشبندی

خادم جامعہ رسولیہ شیرازیہ

استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر
مفتی گل احمد خان عتیقی

شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ وہجویریہ لاہور

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ حامدًا مصلیًا و مسلمًا

ہر دور میں اشاعتِ اسلام کے تین طریقے مروّج رہے ہیں: (۱) درس وتدریس (۲) تصنیف وتحقیق (۳) وعظ وتبلیغ۔ اکابر میں سے بعض نے صرف درس وتدریس کے ذریعے اشاعتِ اسلام کا فریضہ سرانجام دیتے رہے اور نامور ترین تلامذہ تیار کیے جیسے شہنشاہِ تدریس بحر العلوم استاد الاساتذہ علامہ عطاء محمد مرحوم اور حضرت محدث اعظم پاکستان علامہ محمد سردار احمد صاحب مرحوم اور بعض ایسی نامور ترین شخصیات گزری ہیں جنہوں نے درس وتدریس اور تصنیف وتحقیق کے ذریعے یہ فریضہ سرانجام دیا' جیسے شیخ الحدیث والتفسیر جامعہ علومِ عقلیہ ونقلیہ علامہ مولانا غلام رسول رضوی شارحِ بخاری اور بعض ایسی جلیل القدر وخوش نصیب شخصیات ہوئی ہیں جنہوں نے تینوں طریقوں درس وتدریس' تصنیف وتحقیق اور وعظ وتبلیغ سے بھرپور انداز میں یہ فریضہ سرانجام دیا' ان خوش نصیب شخصیات میں سے اپنے دور میں سب سے زیادہ کثیر التصانیف شخصیت حضرت علامہ فیض احمد اویسی مرحوم ومغفور بھی ہیں' اس موجودہ دور میں ان خوش نصیب کم عمر شخصیات میں سے جو تینوں طریقوں سے اشاعتِ دین کا فریضہ سرانجام دینے میں سرگرم عمل ہیں' وہ مولانا غلام دستگیر صاحب' مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بھی ہیں' جو بفضلہٖ تعالیٰ و بوسیلہ سیّد الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء ماشاء اللہ متعدد کتب احادیث کے ترجمہ کی سعادت حاصل کر چکے ہیں۔ اُن کتب میں سے ''المعجم الصغیر للطبرانی اور مسند ابوداؤد طیالسی'' علاوہ ازیں المعجم الاوسط کا ترجمہ آخری مراحل میں ہے' علاوہ ازیں دیگر مختصر مختصر کتب بھی ان کے قلم سے منظر عام پر آ چکی ہیں۔ ماشاء اللہ بڑی محنت ولگن سے شب وروز مصروفِ تصنیف وتالیف ہیں اور زندگی کا لمحہ بھر بھی ضائع نہیں ہونے دے رہے۔ بڑی سرعت کے ساتھ تراجم وتحقیق میں مصروف ہیں۔ مسند ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ متعدد جگہ سے دیکھنے کا اتفاق ہوا' ترجمہ میں بڑی سلاست اور روانی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے علم وعمل' تصنیف و تحقیق میں برکت عطا فرمائے اور ان کی تصانیف کو آخری کی پونجی اور نجات کا ذریعہ بنائے اور انہیں صحیح معنوں میں اسلاف کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین بجاہ سیّد المرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم الی یوم الدین۔

حررہ: شیخ الحدیث والتفسیر محمد گل احمد خان عتیقی

شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ وہجویریہ لاہور

09-08-14

AlHidayah - الهداية

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1- اَحَادِيثُ اَبِى بَكْرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَاسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ

1 ـــ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْاَسَدِيِّ، عَنْ اَسْمَاءَ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: كُنْتُ اِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا يَنْفَعُنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِمَا شَاءَ اَنْ يَنْفَعَنِي، قَالَ عَلِيٌّ: وَحَدَّثَنِي اَبُو بَكْرٍ، وَصَدَقَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا ثُمَّ يَتَوَضَّأُ وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اِلَّا غَفَرَ لَهُ، ثُمَّ تَلا هٰذِهِ الْآيَةَ (وَالَّذِينَ اِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوا لِذُنُوبِهِمْ)(آل عمران: **135**)الْآيَةَ، وَالْآيَةَ الْاُخْرَى: (وَمَنْ يَعْمَلْ سُوءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ)(النساء: **110**) الْآيَةَ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی احادیث

آپ کا اسم گرامی عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن سعد بن تیم بن مرہ ہے

حضرت اسماء بن حکم فزاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: جب میں رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے حدیث سنتا ہوں تو مجھے اس سے اللہ عزوجل فائدہ ہوتا ہے جتنا مجھے نفع دینا چاہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اور مجھے ابوبکر نے بیان کیا اور حضرت ابوبکر نے سچ ہی کہا' بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس بندہ سے گناہ ہو جائے پھر وہ وضو کرے اور دو رکعت (نفل) ادا کرے' پھر اللہ عزوجل سے بخشش طلب کرے' تو اس کو بخش دیا جاتا ہے' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: وہ لوگ جو بے حیائی کرتے ہیں' یا اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں اور اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کریں'' اور دوسری آیت: ''اور جو بُرا عمل کرے یا اپنی جان پر ظلم کرے''۔

1- أخرجه أحمد رقم الحديث: 2-47-48' والبزار رقم الحديث: 8-9' والمروزي في مسند أبي بكر رقم الحديث: 2-10' وأبو يعلى رقم الحديث: 13-14' من طريق شعبة' به وأخرجه الحميدي رقم الحديث: 1-4' وابن أبي شيبة في المصنف جلد2 صفحه 387' وأبوداؤد رقم الحديث: 1522' والنسائي في الكبرى رقم الحديث: 10247' وابن ماجه رقم الحديث: 1395

AlHidayah - الهداية

2 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ اَسْمَاءَ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: كُنْتُ اِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللّٰهُ بِمَا شَاءَ اَنْ يَنْفَعَنِي، وَاِذَا حَدَّثَنِي غَيْرُهُ اسْتَحْلَفْتُهُ اَنَّهُ سَمِعَهُ مِنْهُ، ثُمَّ صَدَّقْتُهُ، وَحَدَّثَنِي اَبُو بَكْرٍ - وَصَدَقَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ شُعْبَةَ

حضرت اسماء بن حکم فزاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: جب میں رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے حدیث سنتا ہوں' اس سے مجھے اللہ تعالیٰ نفع دیتا ہے جتنا مجھے نفع دینا چاہے' اور جب اس کے علاوہ کوئی اور بیان کرے تو میں اس سے حلف لیتا ہوں کہ اس نے آپ سے سنا' پھر میں اس کی تصدیق کرتا ہوں اور مجھے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بیان کیا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سچ ہی فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: پھر حدیث شعبہ ہی کی طرح حدیث ذکر کی۔

3 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ بْنُ السَّبَّاقِ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، حَدَّثَهُ قَالَ: اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، وَاِذَا عِنْدَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اِنَّ هٰذَا اَتَانِي فَاَخْبَرَنِي اَنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ فِي هٰذَا

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میری طرف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جنگ یمامہ کے شہداء کی خبر دے کر اپنے قاصد کو بھیجا (میں جب آپ کے پاس آیا) تو آپ کے پاس حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی تھے' آپ نے فرمایا: یہ ہمارے پاس (یعنی حضرت عمر) آیا' انہوں نے مجھے بتایا ہے کہ اس

2- أخرجه أحمد رقم الحديث: 56' وأبو داؤد رقم الحديث: 1521' والترمذی رقم الحديث: 406-3006' والنسائی فی الكبرىٰ رقم الحديث: 10250-11078' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 11' وابن حبان رقم الحديث: 643من طريق أبی عوانة به وانظر العلل للدارقطنی جلد1صفحه176-180

3- حديث صحيح أخرجه ابن أبی داؤد فی المصاحف صفحه6 من طريق المصنف . ابن أبی داؤد فی المصاحف صفحه 7' والطبرانی رقم الحديث: 4903' والبيهقی جلد 2صفحه41 من طريق ابراهيم بن سعد' به وأخرجه أحمد رقم الحديث: 76' والبخاری رقم الحديث: 4679-4989' والمروزی رقم الحديث:46' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 71' وابن حبان رقم الحديث: 4507' وابن أبی داؤد رقم الحديث: 748' والطبرانی رقم الحديث: 4901-4902' والبيهقی جلد2 صفحه40-42 من طرق عن الزهری' به .

AlHidayah - الهداية

الْمَوْطِنِ - يَعْنِي يَوْمَ الْيَمَامَةِ - وَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ فِي سَائِرِ الْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبَ الْقُرْآنُ، وَقَدْ رَأَيْتُ أَنْ تَجْمَعَهُ - فَقُلْتُ لَهُ، يَعْنِي لِعُمَرَ: كَيْفَ نَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي عُمَرُ: هُوَ وَاللَّهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ بِي عُمَرُ حَتَّى شَرَحَ اللَّهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ لَهُ صَدْرَهُ، وَرَأَيْتُ فِيهِ مِثْلَ الَّذِي رَأَى - وَأَنْتَ رَجُلٌ عَاقِلٌ قَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَا نَتَّهِمُكَ فَاجْمَعْهُ

جگہ (یعنی یمامہ) کے دن میں قرآن کے قاری شہید ہوگئے ہیں' اور میں خوف کرتا ہوں کہ سارے ممالک سے حافظ قرآن ختم نہ ہو جائیں اور قرآن (لوگوں کے سینے سے) چلا جائے' اور میری رائے یہ ہے کہ آپ اس کو جمع کریں۔ میں (یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ) نے ان یعنی حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) سے کہا: میں وہ کام کیوں کروں جو رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟ تو مجھے حضرت عمر نے کہا: اللہ کی قسم! یہ بہتر ہے۔ سو حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) مجھے مسلسل کہتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرے سینہ کو بھی حضرت عمر کے سینہ کی طرح کھول دیا' سو میری رائے بھی وہی ہوگئی جو آپ کی تھی۔ (حضرت زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق نے کہا:) اور تو سمجھ دار آدمی ہے' تو رسول اللہ ﷺ کے لیے وحی لکھتا رہا ہے' اور ہم تجھے تہمت بھی نہیں لگاتے' سو تو اس کو جمع کر۔

4 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ تَوْبَةَ الْعَنْبَرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا السَّوَّارِ الْعَنْبَرِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ

حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس تھا' آپ ایک آدمی کو نصیحت کر رہے تھے' اور آپ اس پر سختی کر رہے تھے'

4- حديث صحيح أخرجه المزى فى تهذيب الكمال جلد 15 صفحه443 من طريق المصنف وأخرجه أحمد رقم الحديث: 54 ' والنسائى رقم الحديث: 4082' والمروزى فى مسند أبى بكر رقم الحديث: 66-67' وأبو يعلى رقم الحديث: 81-82' والحاكم جلد 4صفحه354 من طريق شعبة ' به . وأخرجه الحميدى رقم الحديث: 6' وأحمد رقم الحديث: 61' وأبوداؤد رقم الحديث: 4363' والنسائى رقم الحديث: 4083-4088' وأبو يعلى رقم الحديث: 79-80' والبزار رقم الحديث: 49' والحاكم جلد 4صفحه354 من طرق عن أبى برزه به وانظر علل الدارقطنى جلد 1 صفحه238

AlHidayah - الهداية

عَنْهُ وَهُوَ يُوعِدُ رَجُلًا، فَاَغْلَظَ لَهُ، فَقُلْتُ: اَلَا اَضْرِبُ عُنُقَهُ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: اِنَّهُ لَيْسَتْ لِاَحَدٍ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

میں نے (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے) عرض کیا: کیا میں اس کی گردن نہ اُڑا دوں؟ تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کام نبی اکرم ﷺ کے (زمانہ کے) بعد کسی کے لیے جائز نہیں۔

5 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَوْسَطَ الْبَجَلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْطُبُ، فَذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَكَى، ثُمَّ قَالَ: يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ، فَاِنَّهُ يَهْدِي اِلَى الْبِرِّ وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَاِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَاِنَّهُ يَهْدِي اِلَى الْفُجُورِ وَهُمَا فِي النَّارِ، وَاسْاَلُوا اللّٰهَ الْيَقِينَ وَالْمُعَافَاةَ، فَاِنَّ النَّاسَ لَمْ يُعْطَوْا شَيْءًا بَعْدَ الْيَقِينِ اَفْضَلَ مِنَ الْمُعَافَاةِ - اَوْ قَالَ الْعَافِيَةِ - وَلَا تَحَاسَدُوا، وَلَا تَبَاغَضُوا، وَلَا تَقَاطَعُوا، وَلَا تَدَابَرُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا

حضرت اوسط بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا' آپ نے نبی اکرم ﷺ کا ذکر کیا' تو آپ رو پڑے' پھر فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پر لازم ہے کہ تم سچ بولا کرو کیونکہ سچ نیکی کی طرف راہنمائی کرتا ہے' اور یہ دونوں (نیکی اور سچ) چیزیں (انسان کو) جنت میں لے جاتی ہیں' اور تم جھوٹ سے بچو کیونکہ جھوٹ بُرائی کی طرف لے جاتا ہے' اور یہ دونوں چیزیں جہنم میں لے جانے کا ذریعہ ہیں' اور اللہ عزوجل سے یقین اور معافات طلب کرو کیونکہ انسان کو ایمان کے بعد معافاۃ' یا فرمایا: عافیت سے بڑھ کر فضیلت والی کوئی چیز نہیں دی گئی' اور تم آپس میں حسد نہ کرو' اور غصہ نہ کرو' اور رشتہ داری نہ توڑو' اور ایک دوسرے سے منہ نہ پھیرو اور اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جاؤ۔

5- حديث صحيح من طرق عن شعبة' به أخرجه الحميدى رقم الحديث: 7' وأحمد رقم الحديث: 5-17-34' والبخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: 724' والنسائى فى الكبرىٰ رقم الحديث: 10718' وابن ماجه رقم الحديث: 3849' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 121-124' والمروزى فى مسند أبى بكر رقم الحديث: 92-93-95' والبزار رقم الحديث: 75' والبغوى فى الجعديات رقم الحديث: 1727 . ومن طرق عن سليم بن عامر به أخرجه الحميدى رقم الحديث: 2' وأحمد رقم الحديث: 44' والنسائى فى الكبرىٰ رقم الحديث: 10717-10719' والمروزى رقم الحديث: 94' وابن حبان رقم الحديث: 952-5734' والحاكم جلد 1 صفحه 529' وقال الحاكم: صحيح الاسناد .

AlHidayah - الهداية

6 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ:اَخْبَرَنِي عِيسَى بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:كَانَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِذَا ذَكَرَ يَوْمَ اُحُدٍ بَكَى، ثُمَّ قَالَ:ذَاكَ كُلُّهُ يَوْمُ طَلْحَةَ، ثُمَّ اَنْشَاَ يُحَدِّثُ، قَالَ: كُنْتُ اَوَّلَ مَنْ فَاءَ يَوْمَ اُحُدٍ فَرَاَيْتُ رَجُلًا يُقَاتِلُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُونَهُ، وَاُرَاهُ قَالَ:يَحْمِيهِ، قَالَ:فَقُلْتُ:كُنْ طَلْحَةَ حَيْثُ فَاتَنِي مَا فَاتَنِي، فَقُلْتُ:يَكُونُ رَجُلًا مِنْ قَوْمِي اَحَبَّ اِلَيَّ وَبَيْنِي وَبَيْنَ الْمَشْرِقِ رَجُلٌ لَا اَعْرِفُهُ، وَاَنَا اَقْرَبُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ، وَهُوَ يَخْطَفُ الْمَشْيَ خَطْفًا لَا اَخْطَفُهُ، فَاِذَا هُوَ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، فَانْتَهَيْنَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ كُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَشُجَّ فِي وَجْهِهِ وَقَدْ دَخَلَ فِي وَجْنَتَيْهِ حَلْقَتَانِ مِنْ حِلَقِ الْمِغْفَرِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:عَلَيْكُمَا صَاحِبَكُمَا، يُرِيدُ طَلْحَةَ، وَقَدْ نَزَفَ، فَلَمْ يُلْتَفَتْ اِلَى قَوْلِهِ، وَذَهَبْتُ لِاَنْزِعَ ذَاكَ مِنْ وَجْهِهِ، فَقَالَ اَبُو عُبَيْدَةَ:اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ بِحَقِّي لَمَا تَرَكْتَنِي، فَتَرَكْتُهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' آپ فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جن جنگ اُحد کے دن کو یاد فرماتے تو اشکبار ہو جاتے' پھر آپ فرماتے: وہ سارا دن حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کا تھا' وہ غزوۂ اُحد کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: میں پہلا شخص ہوں' تو میں نے ایک شخص کو دیکھا جو نبی اکرم ﷺ کے آگے آ کر لڑائی کر رہا تھا' آپ فرماتے ہیں: میرا خیال ہے وہ آپ کا دفاع کر رہا تھا (اسی دوران) میں نے کہا: تمہیں طلحہ ہونا چاہیے' آج میں جس چیز سے محروم رہا محروم رہا' پھر میں نے کہا: یہ میری قوم میں سے ایسا شخص ہوگا جو مجھے محبوب ہو گا' میرے اور مشرک کے درمیان ایسا فرد جسے میں پہچان نہیں ہوں حالانکہ میں اس سے بڑھ کر نبی اکرم ﷺ کے قریب ہوں اور اس لیے تیز رفتاری سے چل رہا تھا جبکہ میں اس طرح چلنے سے قاصر تھا' وہ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح کی ذات تھی' بعد ازیں ہم نبی اکرم ﷺ کی طرف چلے حالانکہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے والے دو شہید کیے گئے تھے' اس کے ساتھ ساتھ آپ کا چہرۂ اقدس بھی زخمی ہو گیا تھا' خود کی دو کڑیاں رخسار مبارک میں گھس گئی تھیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اپنے ساتھی حضرت طلحہ کو لازم پکڑو'

6- اسناده ضعيف لضعف اسحاق بن يحيیٰ من طريق المصنف أخرجه أبو نعيم فی الحلية جلد8صفحه174' والبيهقی فی الدلائل جلد 3صفحه263' وابن عساكر فی تاريخ دمشق جلد 25صفحه74 وعزاه الحافظ فی المطالب رقم الحديث: 4753 للمصنف . من طرق اسحاق بن يحيیٰ ' به أخرجه ابن سعد جلد 3صفحه218' والبزار63' وابن حبان رقم الحديث:6980' والطبرانی فی الأوائل 63 . وقال البزار: لا نعلم له اسنادًا غير هذا الاسناد .

AlHidayah - الهداية

فَكَرِهَ اَنْ يَتَنَاوَلَهُمَا بِيَدِهٖ، فَيُؤْذِىَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَزَّمَ عَلَيْهِمَا بِفِيهِ فَاسْتَخْرَجَ اِحْدَى الْحَلْقَتَيْنِ، وَوَقَعَتْ ثَنِيَّتُهُ مَعَ الْحَلْقَةِ، وَذَهَبْتُ لِاَصْنَعَ مَا صَنَعَ فَقَالَ: اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ بِحَقِّي لَمَا تَرَكْتَنِي قَالَ: فَفَعَلَ مِثْلَ مَا فَعَلَ فِي الْمَرَّةِ الْاُولَى فَوَقَعَتْ ثَنِيَّتُهُ الْاُخْرَى مَعَ الْحَلْقَةِ فَكَانَ اَبُو عُبَيْدَةَ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ هَتْمًا فَاَصْلَحْنَا مِنْ شَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَتَيْنَا طَلْحَةَ فِي بَعْضِ تِلْكَ الْجِفَارِ فَاِذَا بِهٖ بِضْعٌ وَسَبْعُونَ اَوْ اَقَلُّ اَوْ اَكْثَرُ بَيْنَ طَعْنَةٍ وَرَمْيَةٍ وَضَرْبَةٍ وَاِذَا قَدْ قُطِعَتْ اِصْبَعُهُ فَاَصْلَحْنَا مِنْ شَانِهٖ

یعنی اس کے پاس جاؤ (کیونکہ) ان کا کافی خون بہہ چکا تھا' کسی کی توجہ آپ کے قول کی طرف نہیں گئی' میں آگے بڑھا تا کہ آپ کے چہرے سے یہ کڑیاں نکالوں۔

7 — حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ مُوسَى، وَهَمَّامٌ، عَنْ فَرْقَدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَوَّلُ مَنْ يَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ عَبْدٌ اَدَّى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِيهِ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جنت کا دروازہ سب سے پہلے وہ غلام کھٹکھٹائے گا' جس نے اللہ تعالیٰ اور اپنے آقاؤں کا حق ادا کیا۔

8 — حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ مُوسَى، وَهَمَّامٌ، عَنْ فَرْقَدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنت میں مکار اور خیانت کرنے والا داخل نہیں ہوں گے۔

7- اسناده ضعيف لضعف صدقة وللانقطاع بين مرة وبين أبى بكر من طرق المصنف أخرجه أبو نعيم فى الحلية جلد3 صفحه48' ومن طريق صدقة ' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 13-32' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 93 . ومن طريق همام ' به أخرجه أبو يعلىٰ رقم الحديث: 95

8- اسناده ضعيف لضعف صدقة ومنهم من ساقهما حديثًا واحدًا كما عند أحمد رقم الحديث: 13-32' وأبى يعلىٰ رقم الحديث: 93-95 من طريق المصنف بلفظه أخرجه أبو نعيم فى الحلية جلد 4صفحه163 . من طريق صدقة ' به أخرجه الترمذى رقم الحديث: 1963

AlHidayah - الهداية

يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خَبٌّ وَلَا خَائِنٌ

9 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ عَاصِمٍ الثَّقَفِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مُرْنِي بِشَيْءٍ اَقُولُهُ اِذَا اَصْبَحْتُ وَاِذَا اَمْسَيْتُ قَالَ: قُلِ: اللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ قُلْهُ اِذَا اَصْبَحْتَ وَاِذَا اَمْسَيْتَ وَاِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے آپ کسی ایسی چیز کا حکم دیں جو میں صبح و شام پڑھا کروں' آپ ﷺ نے فرمایا: پڑھ "اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ" جب تو صبح کرے اور جب شام کرے اور جب تو اپنے بستر پر آئے اس وقت پڑھا کر۔

9- حديث صحيح من طرق المصنف' وأخرجه الترمذى رقم الحديث: 3392 وقال حسن صحيح ' ومن طرق عن شعبة ' به أخرجه ابن أبى شيبة جلد 1 صفحه237' وأحمد رقم الحديث: 51-52-63-7948' والدارمى رقم الحديث: 2692' والبخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: 1202' وفى خلق أفعال العباد رقم الحديث: 106-107-455-456' والنسائى فى الكبرىٰ رقم الحديث: 7715' وابن حبان رقم الحديث: 962' وابن السنى فى عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 729-731 . من طريق هشيم عن يعلىٰ بن عطاء ' به أخرجه البخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: 1203' وفى خلق أفعال العباد رقم الحديث: 140-141-586' وأبوداؤد رقم الحديث: 5067' والنسائى رقم الحديث: 7699' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 77' والحاكم جلد 1 صفحه513' وقال الحاكم: صحيح الاسناد .

AlHidayah - الهداية

2- اَحَادِیثُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ بْنِ نُفَیْلِ بْنِ عَبْدِ الْعُزّٰی بْنِ رَبَاحِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطِ بْنِ رِزَاحِ بْنِ عَدِیِّ بْنِ کَعْبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمر بن خطاب بن نفیل بن عبدالعزیٰ بن رباح بن عبداللہ بن قرط بن رزاح بن عدی بن کعب رضی اللہ عنہ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کردہ احادیث

مَا رَوَاهُ عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ مَا رَوَاهُ عَنْهُ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

وہ احادیث جو آپ سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے روایت کی ہیں اور جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ان کے صاحبزادے حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رحمہ اللہ نے روایت کی ہیں

10 - حَدَّثَنَا یُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیهِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ،

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ) سے روایت بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عمرہ کے

10- اسناده ضعيف لضعف عاصم بن عبيد الله من طرق شعبة، به أخرجه أحمد رقم الحديث: 195، وأبوداؤد رقم الحديث: 1498، وابن سعد جلد 3 صفحه 273، والبزار رقم الحديث: 119، وابن عدى جلد 5 صفحه 1868، والخطيب جلد 11 صفحه 397 . من طريق سفيان الثورى عن عاصم، به أخرجه أحمد رقم الحديث: 5229، والترمذى رقم الحديث: 3562، وابن ماجه رقم الحديث: 2894، وابن سعد جلد 3 صفحه 273، والبزار رقم الحديث: 120، والخطيب جلد 11 صفحه 396 . وقال الترمذى حسن صحيح .

AlHidayah - الهداية

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اسْتَأْذَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عُمْرَةٍ فَأَذِنَ لَهُ وَقَالَ لَهُ: يَا أَخِي أَشْرِكْنَا فِي دُعَائِكَ أَوْ لَا تَنْسَنَا مِنْ دُعَائِكَ

لیے اجازت چاہی' تو حضور ﷺ نے آپ کو اجازت دی اور فرمایا: اے میرے بھائی! ہم کو بھی اپنی دعا میں شریک رکھنا' یا یہ فرمایا: ہم کو اپنی دعا میں نہ بھولنا۔

11 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عُمَرَ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ مَا نَعْمَلُ فِيهِ أَمْرٌ مُبْتَدَعٌ أَوْ مُبْتَدَأٌ أَوْ مَا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟ قَالَ: مَا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ فَاعْمَلْ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ، مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَإِنَّهُ يَعْمَلُ بِالسَّعَادَةِ أَوْ لِلسَّعَادَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَإِنَّهُ يَعْمَلُ بِالشَّقَاءِ أَوْ لِلشَّقَاوَةِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں ہم عمل کس لیے کریں' اس میں نیا یا ابتدائی جس کے متعلق فراغت ہو چکی ہے۔ آپ نے فرمایا: کس سے فراغت حاصل کی گئی اے ابن خطاب! عمل کرو ہر ایک کے لیے اس عمل کو آسان کر دیا جائے گا' جو سعادت مندوں میں سے ہوگا اس کے لیے نیک عمل آسان کر دیئے جائیں گے' اور جو بدبخت ہوگا اس کے لیے بدبختی والے عمل آسان کر دیئے جائیں گے۔

12 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

حضرت سالم اپنے والد سے' وہ حضرت عمر بن

11- حدیث صحیح واسناده المصنف ضعیف لضعف عاصم بن عبید اللّٰه من طریق المصنف أخرجه أبو یعلٰی رقم الحدیث: 5571 . من طریق شعبة ' أخرجه أحمد رقم الحدیث: 5140-5481' والترمذی رقم الحدیث: 2135' وابن أبی عاصم فی السنة رقم الحدیث: 164' وأبو یعلٰی رقم الحدیث: 5463' والآجری فی الشریعة رقم الحدیث: 326' وقال الترمذی: حسن صحیح . من طریق سلیمان بن سفیان عن عبد اللّٰه بن دینار عن ابن عمر عن عمر . أخرجه عبد بن حمید رقم الحدیث: 20' والترمذی رقم الحدیث: 3111 ' وابن أبی عاصم رقم الحدیث: 170 . وقال الترمذی: حسن غریب من هذا الوجه لا نعرفه الا من حدیث عبد الملك بن عمرو . من طریق آخر عن سلیمان بن سفیان وسلیمان بن سفیان ضعیف أخرجه ابن أبی عاصم رقم الحدیث: 181' انظر علل الدارقطنی جلد2صفحه68

12- حدیث منکر فیه عمرو بن دینار قهرمان آل الزبیر' ضعیف وقد روی عن سالم مناکیر وهو لیس بعمرو بن دینار المکی الثقة . من طریق حماد بن زید' به وأخرجه أحمد رقم الحدیث: 327' والترمذی رقم الحدیث: 3429' وابن ماجه رقم الحدیث: 2235' والبزار رقم الحدیث: 125' والطبرانی فی الدعاء رقم الحدیث: 789'

AlHidayah - الهداية

زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَهْرَمَانِ آلِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ دَخَلَ سُوقًا مِنْ هَذِهِ الْاَسْوَاقِ فَقَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، كَتَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَمَحَا عَنْهُ اَلْفَ اَلْفِ سَيِّئَةٍ وَبَنَى لَهُ قَصْرًا فِي الْجَنَّةِ

خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو آدمی ان بازاروں میں سے کسی بازار میں داخل ہوا اور اس نے پڑھا: "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ" تو اللہ عزوجل اس کے لیے ایک لاکھ نیکیاں لکھ دے گا اور اس کی ایک لاکھ بُرائیاں مٹا دے گا اور اس کے لیے جنت میں محل بنا دے گا۔

13 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ رَجُلٍ رَاَى مُبْتَلًى فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي عَافَانِي مِمَّا ابْتَلَاهُ بِهِ وَفَضَّلَنِي عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو آدمی کسی کو آزمائش میں دیکھے اور یہ دعا پڑھے: "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي عَافَانِي مِمَّا ابْتَلَاهُ بِهِ وَفَضَّلَنِي عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا" تو اس کو وہ بیماری نہیں لگے

وابن السنى فى عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 182 . من طريق ثابت بن يزيد أخرجه الطبرانى فى الدعاء رقم الحديث: 791 . من طريق سعيد بن زيد أخرجه البغوى رقم الحديث: 1338 . من طريق فضيل بن عياض عن هشام بن حسان ثلاثتهم عن عمرو بن دينار' به أخرجه الطبرانى فى الدعاء رقم الحديث: 790' وأبو نعيم فى أخبار أصبهان جلد2 صفحه180

13- حديث حسن بمجموع طرقه واسناد المصنف ضعيف لضعف عمرو بن دينار قهرمان آل الزبير من طريق حماد بن زيد به أخرجه البزار رقم الحديث: 124' والعقيلى فى الضعفاء جلد3صفحه270' والطبرانى فى الدعاء رقم الحديث: 797' وابن السنى فى عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 308' وأبو نعيم فى الحلية جلد6صفحه265' والبيهقى فى الشعب رقم الحديث: 11147 . من طريق عمرو بن دينار القهرمان' به أخرجه ابن أبى شيبة جلد 10صفحه395' وعبد بن حميد رقم الحديث: 38' والترمذى رقم الحديث: 3431' وابن السنى رقم الحديث: 308' وتمام فى الفوائد1591-الروض البسام) . وقال الترمذى: حديث غريب من طريق الحكم بن سنان عن عمرو بن دينار عن نافع عن ابن عمر .

AlHidayah - الهداية

خَلَقَ تَفْضِيلًا إِلَّا لَمْ يُصِبْهُ ذَلِكَ الْبَلَاءُ كَائِنًا مَا كَانَ

گی' جس بیماری میں وہ مبتلا ہے۔

14 ـ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

15 ـ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِالنِّيَاحَةِ عَلَيْهِ فِي قَبْرِهِ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میت کو اس کی قبر میں اس پر نوحہ کرنے کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے۔

16 ـ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ

حضرت ابوالحکم سلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

14- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف مضطرف اختلف فيه على عاصم بن عبيد الله وهو ضعيف من طريق المصنف به أخرجه أحمد رقم الحديث: 216 . وجاء الحديث من رواية شريك عن عاصم بن عبيد الله عن عبد الله بن عامر بن ربيعة عن أبيه أو عن عمر ذكره ابن أبى حاتم فى العلل رقم الحديث: 11' والدارقطنى فى العلل جلد2صفحه21 . من طريق الحسن بن صالح عن عاصم بن عبيد الله عن سالم عن ابن عمر ' به أخرجه ابن أبى شيبة جلد 1صفحه178' وأحمد رقم الحديث:387' والبزار رقم الحديث: 122' والدارقطنى فى العلل جلد 2صفحه26 . من طريق يزيد بن أبى زياد عن عاصم عن أبيه أو عن جده أخرجه احمد رقم الحديث:128-343' والبزار رقم الحديث:263 . وعند البزار: عن أبيه أو عمه .

15- حديث صحيح من طريق المصنف أخرجه البيهقى جلد 4صفحه71' ومن طريق شعبة ' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 180-247-354-366' والبخارى رقم الحديث: 1292' ومسلم رقم الحديث: 927' والنسائى رقم الحديث: 1852' وابن ماجه رقم الحديث: 1593 . ومن طريق سعيد بن أبى عروبة عن قتادة به أخرجه أبو يعلى رقم الحديث: 157-179' ومن طريق سعيد بن المسيب عن عمر أخرجه أحمد رقم الحديث: 315-334 . ومن طرق عن ابن عمر ' به أخرجه احمد رقم الحديث: 248-264-294' والترمذى رقم الحديث: 1002' والنسائى رقم الحديث: 1549' وأبو يعلى رقم الحديث: 155-158

16- حديث صحيح وأبو الحكم السلمى - وهو عمران بن الحارث - من رجال مسلم . من طريق شعبة ' به أخرجه

AlHidayah - الهداية

سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْحَكَمِ السُّلَمِيَّ، يَقُولُ: سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيذِ، فَحَدَّثَ، عَنْ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْجِرِّ وَالدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ

نے حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نبیذ کے متعلق پوچھا' تو انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے ٹھلیوں اور کدو کے برتن اور تارکول کے رنگ کے رنگے ہوئے برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کیا۔

17 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ تُصِيبُنِي الْجَنَابَةُ مِنَ اللَّيْلِ فَكَيْفَ اَصْنَعُ؟ قَالَ: اغْسِلْ ذَكَرَكَ وَتَوَضَّأْ ثُمَّ ارْقُدْ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! اگر رات کو مجھ پر غسل فرض ہو جائے تو میں کیا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے آلہ تناسل کو دھولو اور وضو کر لو اور سو جاؤ۔

18 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا صَخْرُ بْنُ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت

أحمد رقم الحديث: 360-185' والنسائى فى الكبرىٰ رقم الحديث: 6840 . ومن طريق الثورى عن سلمة بن كهيل به أخرجه أحمد رقم الحديث: 260' من طريق البراء عن عمر ' به أخرجه ابن أبى شيبة رقم الحديث: 3851' ومن طريق قتادة مرسلًا عن عمر به أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 16944

17- حديث صحيح من طريق المصنف أخرجه أبو عوانة جلد 1 صفحه 278' ومن طرق عن شعبة ' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 359-5056-5497' وابن خزيمة رقم الحديث: 214' وابن حبان رقم الحديث: 1212' وأبو عوانة جلد 1 صفحه 278' ومن طرق عن ابن دينار' به أخرجه مالك جلد 1 صفحه 47' والحميدى رقم الحديث: 657' وأحمد رقم الحديث: 5442-5967' والبخارى رقم الحديث: 290' ومسلم رقم الحديث: 306' وأبو داؤد رقم الحديث: 221' والنسائى رقم الحديث: 260' وابن خزيمة رقم الحديث: 212' وابن حبان رقم الحديث: 1213-1214-1216' ومن طريق نافع عن ابن عمر أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 1074-1075-1077' وابن أبى شيبة جلد 1 صفحه 61' وأحمد رقم الحديث: 230-235-236' والبخارى رقم الحديث: 287-289

18- حديث صحيح من طرق نافع ' به أخرجه مالك جلد 2 صفحه 917' وعبد الرزاق رقم الحديث: 19929' والحميدى رقم الحديث: 679' وأحمد رقم الحديث: 5797-6339' والبخارى رقم الحديث: 886-2612-5841' ومسلم رقم الحديث: 2068' وأبو داؤد رقم الحديث: 1076-4040' والنسائى

جُوَيْرِيَةَ، حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ عُمَرَ رَاَى حُلَّةَ عُطَارِدٍ التَّمِيمِيِّ مِنْ حَرِيرٍ سِيَرَاءَ تُبَاعُ فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اشْتَرِ هٰذِهِ الْحُلَّةَ فَالْبَسْهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلِلْوُفُودِ اِذَا جَائُوكَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذَا مَنْ لَا خَلَاقَ لَهُ فِي الْآخِرَةِ ثُمَّ اُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحُلَلٍ مِنْهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَاَرْسَلَ اِلَى عُمَرَ مِنْهَا بِحُلَّةٍ فَاَتَاهُ عُمَرُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرْسَلْتَ اِلَيَّ الْيَوْمَ بِحُلَّةٍ وَقَدْ قُلْتَ فِي حُلَّةِ عُطَارِدٍ مَا قُلْتَ قَالَ: تَسْتَنْفِقُهَا اَوْ تَكْسُوهَا نِسَاءَكَ

ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک عطارد تمیمی کا ریشمی جبہ دیکھا جو کہ فروخت کیا جا رہا تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! اس جبہ کو آپ خرید لیں اور اس کو جمعہ اور اپنے پاس وفود کے آنے کے وقت پہن لیا کریں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ وہ آدمی پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔ پھر اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کے پاس ان میں سے کچھ ریشم کے جبّہ آئے تو آپ نے ان میں سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف ایک حلہ بھیج دیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! آج آپ نے ریشم کا جبہ میری طرف بھیجا حالانکہ میں نے جبہ عطارد کے بارے میں وہ کچھ فرمایا جو کہ آپ نے فرمایا تھا (یعنی یہ وہ آدمی پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں)' آپ ﷺ نے فرمایا: اسے بیچ دو یا اپنی عورتوں کو پہنا دو۔

19 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں

رقم الحديث: 1381-5310' وابن ماجه رقم الحديث: 3591' وابن حبان رقم الحديث: 5439 . ومن طرق عن ابن عمر أخرجه أحمد رقم الحديث: 5951-5952' والبخاری رقم الحديث: -3054-5981-6081 948-2104-2619' ومسلم رقم الحديث: 2068' وأبو داؤد رقم الحديث: 1077' والنسائی رقم الحديث: 5314-5315-5321' وأبو يعلى رقم الحديث: 239

19- حديث صحيح من طريق جويرية' به أخرجه البخاری رقم الحديث: 2679 من طريق نافع عن ابن عمر أخرجه مالك جلد 2صفحه480' والحميدی رقم الحديث: 686' وأحمد رقم الحديث: 4593-4667-6288' والدارمی جلد 2 صفحه 185' والبخاری رقم الحديث: 6108-6646' ومسلم رقم الحديث: 1646' والترمذی رقم الحديث: 1534' وابن حبان رقم الحديث: 4359-4361 . من طريق نافع عن ابن عمر' عن عمر أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 3249' وعبد الرزاق رقم الحديث: 15923-15924 . من طريق ابن دينار عن ابن عمر' عن النبی

AlHidayah - الهداية

اَسْمَاءَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ يَحْلِفُ بِاَبِيهِ فَنَادَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَنْهَاكُمْ اَنْ تَحْلِفُوا بِآبَائِكُمْ، فَمَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ اَوْ لِيَصْمُتْ

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اس حال میں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے باپ کی قسم اُٹھا رہے تھے‘ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں آواز دی اور فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے تمہیں اپنے باپوں کی قسم اُٹھانے سے منع کیا ہے‘ سو جس نے قسم اُٹھانی ہو وہ اللہ کی قسم اُٹھائے یا خاموش رہے۔

20 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَهِشَامٌ، وَشُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ: سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَقَالَ: تَعْرِفُ ابْنَ عُمَرَ فَإِنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ، فَذَكَرَ عُمَرُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يُرَاجِعُهَا

حضرت یونس بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے اس آدمی کے متعلق پوچھا جو اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دے‘ تو آپ نے فرمایا: تم ابن عمر کو جانتے ہو‘ کیونکہ اس نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی تھی‘ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس بات کا ذکر کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ (عبداللہ کو کہو کہ) وہ اس سے رجوع کرے۔

21 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں

صلى الله عليه وسلم أخرجه أحمد رقم الحديث: 4713-5462-5736‘ وابن حبان رقم الحديث: 4362

20- حديث صحيح من طريق شعبة ‘ به أخرجه أحمد رقم الحديث: 5433-5504‘ والبخارى رقم الحديث: 5252‘ ومسلم رقم الحديث: 1471‘ والنسائى رقم الحديث: 3557 . ومن طريق المصنف عن شعبة وحده ‘ به أخرجه البيهقى جلد 7 صفحه 325‘ من طريق محمد بن سيرين عن يونس بن جبير ‘ به أخرجه أحمد رقم الحديث: 5121‘ والبخارى رقم الحديث: 5333‘ وأبو داؤد رقم الحديث: 2184‘ والترمذى رقم الحديث: 1175‘ والنسائى رقم الحديث: 3400‘ وابن ماجه رقم الحديث: 2022‘ والبيهقى جلد7 صفحه325 . من طريق سعيد وهمام عن قتادة ‘ به أخرجه أحمد رقم الحديث: 5025‘ والبخارى رقم الحديث: 5258 .

21- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف لضعف مطر الوراق وقد توبع من طريق حماد بن زيد به وأخرجه مسلم رقم الحديث: 8‘ وابن أبى عاصم فى السنة رقم الحديث: 120‘ وابن منده فى الايمان رقم الحديث: 10‘ من طرق

AlHidayah - الهداية

زَيْدٍ، عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّهُ كَانَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَهُ رَجُلٌ عَلَيْهِ ثَوْبَانِ اَبْيَضَانِ مُقَوَّمٌ حَسَنُ النَّحْوِ والنَّاحِيَةِ فَقَالَ: اَدْنُو مِنْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: اُدْنُ ثُمَّ قَالَ: اَدْنُو مِنْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: اُدْنُ فَلَمْ يَزَلْ يَدْنُو حَتَّى كَانَتْ رُكْبَتُهُ عِنْدَ رُكْبَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ: اَسْاَلُكَ؟ قَالَ: سَلْ قَالَ: اَخْبِرْنِي عَنِ الْاِسْلَامِ قَالَ: شَهَادَةُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ وَاِقَامُ الصَّلَاةِ وَاِيتَاءُ الزَّكَاةِ وَحَجُّ الْبَيْتِ وَصَوْمُ رَمَضَانَ قَالَ: فَاِذَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ فَاَنَا مُسْلِمٌ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ قَالَ لَهُ الرَّجُلُ: صَدَقْتَ، فَجَعَلْنَا نَعْجَبُ مِنْ قَوْلِهِ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقْتَ كَاَنَّهُ اَعْلَمُ مِنْهُ ثُمَّ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِي عَنِ الْاِيمَانِ قَالَ: الْاِيمَانُ اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَتُؤْمِنَ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ، قَالَ: فَاِذَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ فَاَنَا مُؤْمِنٌ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ قَالَ: صَدَقْتَ،

کہ مجھے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے کہ ایک آدمی آپ کے پاس آیا اس پر دو سفید کپڑے تھے' اس کا چہرہ اور بال بڑے خوبصورت تھے' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں آپ کے قریب ہو جاؤں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: قریب ہو جاؤ! اس نے پھر عرض کی: میں آپ کے قریب ہو جاؤں؟ آپ نے فرمایا: قریب ہو جاؤ! وہ مسلسل عرض کرتے رہے قریب ہونے کے لیے' حتیٰ کہ اتنے قریب ہوئے کہ اس نے اپنے گھٹنے رسول اللہ ﷺ کے گھٹنوں کے قریب کر دیئے' پھر عرض کی: میں آپ سے سوال کر سکتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: سوال کر! اس نے عرض کی: آپ مجھے بتائیں کہ اسلام کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اسلام یہ ہے کہ تُو گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور یہ کہ بلاشبہ میں اللہ کا رسول ہوں' اور نماز قائم کرنا اور زکوٰۃ دینا' اور بیت اللہ کا حج کرنا' اور رمضان شریف کے روزے رکھنا۔ اس نے عرض کی: جب یہ ارکان میں ادا کر لوں تو میں مسلمان ہو جاؤں گا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں! اس آدمی نے آپ سے عرض کی: آپ نے سچ فرمایا۔ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں: سو ہمیں اس کے رسول اللہ ﷺ کے فرمان پر ''صدقت'' کہنے پر

عن عبد الله بن بريدة' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 191-367-368' وأبو داؤد رقم الحديث: 4695-4696' والترمذى رقم الحديث: 2610' والنسائى رقم الحديث: 5005' وابن ماجه رقم الحديث: 63' وابن أبى عاصم رقم الحديث: 124' وابن حبان رقم الحديث: 128' وابن منده رقم الحديث: 10-185-186) . من طرق عن يحيٰى بن يعمر' به أخرجه ابن حبان رقم الحديث: 173' وابن منده رقم الحديث: 11-14 .

AlHidayah - الهداية

فَجَعَلْنَا نَعْجَبُ مِنْ قَوْلِهِ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقْتَ ثُمَّ قَالَ: اَخْبِرْنِي مَا الْاِحْسَانُ قَالَ: اَنْ تَخْشَى اللّٰهَ كَاَنَّكَ تَرَاهُ فَاِنْ كُنْتَ لَا تَرَاهُ فَاِنَّهُ يَرَاكَ قَالَ: صَدَقْتَ ثُمَّ قَالَ: اَخْبِرْنِي عَنِ السَّاعَةِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا الْمَسْئُولُ عَنْهَا بِاَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ هُنَّ خَمْسٌ لَا يَعْلَمُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ (اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ)(لقمان: 34) الْآيَةَ فَقَالَ الرَّجُلُ: صَدَقْتَ

تعجب ہوا' گویا کہ آپ سے زیادہ جانتا ہے۔ پھر اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے بتائیں کہ ایمان کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ایمان یہ ہے کہ تُو اللہ اور اس کے فرشتوں' اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں اور موت کے بعد دوبارہ اُٹھنے پر' اور دوزخ و جنت' اور اچھی اور بُری تقدیر پر ایمان لائے۔ اس نے عرض کی: جب میں یہ کرلوں تو مؤمن ہو جاؤں گا؟ تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہاں! تو مؤمن ہو جائے گا۔ اس آدمی نے عرض کی: آپ نے سچ کہا' ہم کو اس کے رسول اللہ ﷺ کے فرمان پر ''صدقت'' کہنے پر تعجب ہوا' اس نے پھر عرض کی: مجھے احسان کے بارے بتائیے! آپ نے فرمایا: احسان یہ ہے کہ تُو اللہ سے ڈرے اس طرح کہ گویا تُو اس کو دیکھ رہا ہے' اگر تیری یہ حالت نہ ہو سکے تو اتنا جان لے کہ وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔ اس نے عرض کی: آپ نے سچ فرمایا' پھر اس نے عرض کی: مجھے آپ قیامت کے متعلق خبر دیں! تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مسئول عنہ سائل سے زیادہ نہیں جانتا' پانچ چیزیں ایسی ہیں جن کو اللہ کے بتائے بغیر کوئی نہیں جانتا ہے' اس کا علم اللہ کے پاس ہے'' اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ''(لقمان:۳۴)(مکمل آیت) تو اس آدمی نے کہا: آپ نے سچ فرمایا۔

22 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي

حضرت ابوالاسود الدولی فرماتے ہیں کہ میں حضرت

22- حديث صحيح من طريق المصنف أخرجه الترمذي رقم الحديث: 1059 . وقال: حسن صحيح من طريق داؤد بن أبي الفرات' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 139-204-318' والبخاري رقم الحديث: 1368-2643' والنسائي رقم الحديث: 1933' وأبو يعلى رقم الحديث: 145' وابن حبان رقم الحديث: 3028 . من طريق عمر

AlHidayah - الهداية

الْفُرَاتِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ الدُّؤَلِيِّ، قَالَ: جَلَسْتُ اِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ رَجُلٍ يَمُوتُ فَيَشْهَدُ لَهُ ثَلَاثَةٌ بِخَيْرٍ اِلَّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَاثْنَانِ؟ قَالَ: وَاثْنَانِ وَلَمْ يُسْاَلْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوَاحِدِ

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا کہ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو مسلمان آدمی مر جائے' اس کے متعلق تین آدمی گواہی دیں بھلائی کی تو اس مرنے والے کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر دو دیں تو؟ فرمایا: دو والے کے لیے بھی۔ اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے ایک کے متعلق نہیں پوچھا۔

3- اَحَادِيثُ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

23 - حَدَّثَنَا يُونُسُ، حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: اَقْبَلْنَا مَعَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى انْتَهَيْنَا اِلَى مَرِّ الظَّهْرَانِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ واپس آئے' یہاں تک کہ ہم مرالظہران کے پاس سے گزرے' سو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیت الخلاء میں داخل ہوئے' اپنی حاجت پوری کرنے

بن الوليد الشنى عن عبد الله بن بريدة عن عمر وهو منقطع أخرجه أحمد رقم الحديث: 389' وقد جاء الحديث من رواية أنس عند البخارى رقم الحديث: 1367 وغيره .

23- حديث صحيح من طريق حماد به أخرجه مسلم رقم الحديث: 1479' وأبو يعلى رقم الحديث: 163 من طريق يحيى بن سعيد الأنصارى مطولًا ومختصرًا أخرجه أحمد رقم الحديث: 339' والبخارى رقم الحديث: 7256-7262' ومسلم رقم الحديث: 1479 من طرق عن ابن عباس أخرجه أحمد رقم الحديث: 222' والبخارى رقم الحديث: 2468-5191' والترمذى رقم الحديث: 2461-3318' والنسائى رقم الحديث: 2131' وابن ماجه رقم الحديث: 4153' والبزار رقم الحديث: 160-206-211' وأبو يعلى رقم الحديث: 164' وابن حبان رقم الحديث: 4268

AlHidayah - الهداية

فَدَخَلَ عُمَرُ الْاَرَاكَ يَقْضِي حَاجَتَهُ وَقَعَدْتُ لَهُ حَتّٰى خَرَجَ فَقُلْتُ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اُرِيدُ اَنْ اَسْاَلَكَ عَنْ حَدِيثٍ مُنْذُ سَنَةٍ فَمَنَعَتْنِي هَيْبَتُكَ اَنْ اَسْاَلَكَ فَقَالَ: لَا تَفْعَلْ اِذَا عَلِمْتَ اَنَّ عِنْدِي عِلْمًا فَسَلْنِي قَالَ: قُلْتُ اَسْاَلُكَ عَنْ حَدِيثِ الْمَرْاَتَيْنِ؟ قَالَ: نَعَمْ حَفْصَةُ وَعَائِشَةُ كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ لَا نَعْتَدُّ بِالنِّسَاءِ وَلَا نُدْخِلُهُنَّ فِي شَيْءٍ مِنْ اُمُورِنَا فَلَمَّا جَاءَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِالْاِسْلَامِ وَاَنْزَلَهُنَّ اللّٰهُ تَعَالَى حَيْثُ اَنْزَلَهُنَّ وَجَعَلَ لَهُنَّ حَقًّا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَدْخُلْنَ فِي شَيْءٍ مِنْ اُمُورِنَا فَبَيْنَا اَنَا يَوْمًا جَالِسٌ فِي بَعْضِ شَانِي اِذْ قَالَتْ لِيَ امْرَاَتِي كَذَا وَكَذَا فَقُلْتُ: مَا لَكِ اَنْتِ وَلِهٰذَا؟ وَمَتَى كُنْتِ تَدْخُلِينَ فِي اُمُورِنَا؟ فَقَالَتْ: يَا ابْنَ الْخَطَّابِ مَا يَسْتَطِيعُ اَحَدٌ اَنْ يُكَلِّمَكَ وَابْنَتُكَ تُكَلِّمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَظَلَّ غَضْبَانَ فَقُلْتُ: وَاِنَّهَا لَتَفْعَلُ؟ قَالَتْ: نَعَمْ فَقُمْتُ فَدَخَلْتُ عَلٰى حَفْصَةَ فَقُلْتُ: يَا حَفْصَةُ اَلَا تَتَّقِينَ اللّٰهَ تُكَلِّمِينَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَظَلَّ غَضْبَانَ وَيْحَكِ لَا تَغْتَرِّينَ بِحُسْنِ عَائِشَةَ وَحُبِّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهَا ثُمَّ اَتَيْتُ اُمَّ سَلَمَةَ اَيْضًا فَقُلْتُ لَهَا مِثْلَ ذٰلِكَ فَقَالَتْ: لَقَدْ دَخَلْتَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ فِي كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰى بَيْنَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ نِسَائِهِ، وَكَانَ لِي صَاحِبٌ مِنَ الْاَنْصَارِ يَحْضُرُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا غِبْتُ وَاَحْضُرُهُ اِذَا غَابَ وَيُخْبِرُنِي وَاُخْبِرُهُ وَلَمْ يَكُنْ اَحَدٌ اَخْوَفَ

کے لیے‘ میں آپ کے لیے بیٹھ گیا‘ یہاں تک کہ آپ نکلے‘ میں نے عرض کی: اے امیرالمؤمنین! میں چاہتا ہوں کہ میں آپ سے ایک بات کے متعلق پوچھوں‘ ایک سال سے اس خیال میں مجھے آپ کی ہیبت نے روکے رکھا کہ میں آپ سے پوچھ سکوں۔ آپ نے فرمایا: ایسا نہ کرنا جب تو جانے کہ میرے پاس علم ہے تو مجھ سے پوچھ لیا کر۔ میں نے عرض کی: میں آپ سے اُن دو عورتوں کی بات کے متعلق پوچھنا چاہتا ہوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! وہ حفصہ اور عائشہ تھیں‘ جب ہم دورِ جاہلیت میں تھے تو ہم عورتوں کو شمار نہیں کرتے تھے (یعنی اِن سے کوئی رائے نہیں لیتے تھے) اور نہ ہم اپنے کاموں میں ان سے رائے لیتے تھے‘ جب اللہ عزوجل اسلام لایا اور اللہ عزوجل نے ان کے لیے حکم نازل فرمایا جیسے نازل فرمایا‘ اور ان کے لیے حق رکھا سوائے اس کے کہ ہمارے اُمور میں ان کو داخل نہیں کیا‘ میں ایک دن اپنے کام کے لیے بیٹھا ہوا تھا‘ اچانک میری بیوی نے مجھ سے اس طرح اس طرح کہا۔ میں نے اس کو کہا: تجھے کیا ہوا ہے اور یہ بات کیوں کہی ہے؟ اور تو کب سے ہمارے اُمور میں دخل اندازی کر رہی ہے؟ تو اس نے کہا: اے ابن خطاب! آپ سے کوئی بھی گفتگو کرنے کی طاقت نہیں رکھتا ہے‘ اور حال یہ ہے کہ آپ کی بیٹی رسول اللہ ﷺ سے گفتگو کرتی ہے‘ یہاں تک کہ آپ سارا دن غصہ کی حالت میں گزار دیتے ہیں۔ میں نے کہا: (کیا) وہ ایسے ہی کرتی ہے (جیسے تو کہہ رہی ہے)؟ اس نے کہا: جی ہاں! تو میں اُٹھ کھڑا ہوا‘ پس میں حفصہ کے پاس آیا‘ میں

AlHidayah - الهداية

عِنْدَنَا اَنْ يَغْزُوَنَا مِنْ مَلِكٍ مِنْ مُلُوكِ غَسَّانَ فَلَمَّا هَدَّاَ اللّٰهُ الْاَمْرَ عَنَّا فَبَيْنَا اَنَا ذَاتَ يَوْمٍ جَالِسٌ فِي بَعْضِ اَمْرِي اِذْ جَاءَ صَاحِبِي فَقَالَ: اَبَا حَفْصٍ اَبَا حَفْصٍ مَرَّتَيْنِ فَقُلْتُ: وَيْلَكَ مَا لَكَ اَجَاءَ الْغَسَّانِيُّ اَجَاءَ الْغَسَّانِيُّ؟ قَالَ: لَا وَلٰكِنْ طَلَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ فَقُلْتُ: رَغِمَ اَنْفُ حَفْصَةَ رَغِمَ اَنْفُ حَفْصَةَ وَانْتَعَلْتُ وَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا فِي كُلِّ بَيْتٍ بُكَاءٌ وَاِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَشْرُبَةٍ وَاِذَا عَلَى الْبَابِ غُلَامٌ اَسْوَدُ فَقُلْتُ: اسْتَاْذِنْ لِي عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَ فَاَذِنَ لِي فَاِذَا هُوَ نَائِمٌ عَلَى حَصِيرٍ تَحْتَ رَاْسِهِ وِسَادَةٌ مِنْ اُدُمٍ حَشْوُهَا لِيفٌ وَاِذَا قَرَظٌ وَاُهُبٌ مُعَلَّقَةٌ فَاَنْشَاْتُ اُخْبِرُهُ بِمَا قُلْتُ لِحَفْصَةَ، وَاُمِّ سَلَمَةَ وَكَانَ آلَى مِنْ نِسَائِهِ شَهْرًا فَلَمَّا كَانَ لَيْلَةُ تِسْعٍ وَعِشْرِينَ نَزَلَ اِلَيْهِنَّ

نے کہا: اے حفصہ! کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتیں؟ تم رسول اللہ ﷺ سے گفتگو کرتی ہو' یہاں تک کہ آپ سارا دن غصہ کی حالت میں گزارتے ہیں' تیرے لیے ہلاکت ہو! عائشہ کی اچھائی اور رسول اللہ ﷺ کی محبوبہ سے دھوکا نہ کھالینا۔ پھر میں حضرت اُم سلمہ کے پاس بھی آیا' میں نے اس کو بھی یہی بات کہی۔ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے ابن خطاب! آپ ہر شی میں دخل دیتے ہیں یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے آپ کی ازواج کے معاملات میں بھی' اور میرا ایک انصاری ساتھی تھا جو رسول اللہ ﷺ کے پاس ہوتا تھا جب میں غائب ہوتا تھا' اور جب میں آپ کے پاس موجود ہوتا تھا' تو وہ انصاری غائب ہوتا تھا' وہ مجھے اپنی موجودگی کے بارے میں بتاتا تھا اور میں اُس کو بتاتا تھا' ہمارے ہاں کوئی بھی اس سے زیادہ خوف نہیں کرتا تھا کہ ہم غسان کے بادشاہوں سے جنگ کریں (یعنی ہمیں صرف غسان کے بادشاہوں کے ساتھ ہی جنگ کرنے سے ڈر لگتا تھا) جب اللہ نے ہمارے کام کی راہنمائی کی' تو ایک دن میں اپنے کام کے لیے بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک میرا ساتھی آیا' اس نے کہا: اے ابوحفص! اے ابوحفص! دو مرتبہ کہا' میں نے کہا: تیرے لیے ہلاکت ہو! تجھے کیا ہوا ہے؟ کیا غسانی آیا ہے؟ کیا غسانی آیا ہے؟ اس نے کہا: نہیں! لیکن رسول اللہ ﷺ نے اپنی بیویوں کو طلاق دے دی ہے' میں نے کہا: حفصہ کی ناک خاک آلود ہو! حفصہ کی ناک خاک آلود ہو! میں پریشان ہوا' سو میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا' تو ہر گھر میں رونے

کی آواز آ رہی تھی‘ اور رسول اللہ ﷺ ایک کمرے میں تھے‘ اور دروازے پر ایک سیاہ غلام تھا‘ میں نے اس کو کہا: میرے لیے رسول اللہ ﷺ کے پاس آنے کی اجازت مانگیں‘ سو اس نے میرے لیے اجازت طلب کی‘ تو آپ نے میرے لیے اجازت دے دی‘ آپ ایک چٹائی پر محو آرام تھے‘ آپ کے سر کے نیچے کھجور کی چھال کا بھرا ہوا ایک تکیہ تھا‘ اور اس کے نشانات آپ کے جسم اطہر پر تھے‘ میں نے بتانا شروع کر دیا‘ سو میں نے کہنا شروع کیا جو میں حفصہ اور اُم سلمہ سے کہا تھا۔ اور آپ نے اپنی ازواج سے ایک ماہ تک لعان فرمایا‘ پس جب مہینے کے انتیس دن ہوئے تو آپ ان (اپنی ازواج) کی طرف اتر آئے۔

24 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُطْرُونِي كَمَا أَطْرَتِ النَّصَارَى عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ فَإِنَّمَا أَنَا عَبْدٌ فَقُولُوا: عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما‘ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے ایسے نہ بڑھاؤ جس طرح عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کو بڑھا دیا (کہ اُن کو خدا کا بیٹا کہہ دیا) بے شک میں اللہ کا بندہ ہوں‘ سو تم کہو: ”عبد اللہ ورسولہ“ (اللہ کے بندے اور اس کے رسول)۔

25 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

حضرت یوسف بن مہران فرماتے ہیں کہ حضرت

24- حديث صحيح أخرجه الحميدى رقم الحديث: 27 ومن طريقه البخارى رقم الحديث: 3445 ومن طريق سفيان به أخرجه أحمد رقم الحديث: 164‘ والترمذى فى الشمائل رقم الحديث: 313‘ وأبو يعلى رقم الحديث: 153‘ من طرق عن الزهرى به أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 9758-20524‘ وأحمد رقم الحديث: 154-331-391‘ والدارمى رقم الحديث: 2787‘ والبخارى رقم الحديث: 6830

25- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف لضعف على بن زيد بن جدعان من طريق على بن زيد بن جدعان به ‘

زَيْدٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ مِهْرَانَ، قَالَ: خَطَبَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا عَلَى مِنْبَرِ الْبَصْرَةِ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَامَ فِينَا فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَلَا إِنَّ الرَّجْمَ حَدٌّ مِنْ حُدُودِ اللَّهِ فَلَا تُخْدَعُنَّ عَنْهُ فَإِنَّهُ فِي كِتَابِ اللَّهِ وَسُنَّةِ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ رَجَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمَ أَبُو بَكْرٍ وَرَجَمْتُ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے بصرہ کی مسجد کے منبر پر ہم کو خطبہ دیا' پس فرمایا: اے لوگو! بے شک حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ہم میں کھڑے ہوئے تو فرمایا: اے لوگو! سنو! رجم اللہ کی حدود میں سے ایک حد ہے' یہ حد انہوں نے اپنی طرف سے نہیں بنائی بلکہ اس کو اللہ نے اپنی کتاب میں اور نبی اکرم ﷺ نے اپنی سنت میں بیان کیا' اور بے شک رسول اللہ ﷺ نے بھی رجم کیا' اور حضرت ابوبکر نے بھی رجم کیا' اور میں بھی رجم کرتا ہوں۔

26 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْأَوْدِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحِمْيَرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: أَنَا أَوَّلُ النَّاسِ أَتَى عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ حِينَ طُعِنَ فَقَالَ: يَا أَبَا عَبَّاسٍ احْفَظْ عَنِّي ثَلَاثًا فَإِنِّي

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا' تو میں سب سے پہلے آپ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: اے ابن عباس! مجھ سے تین باتیں یاد کرلو' مجھے خوف ہے کہ لوگوں کے ساتھ میری ملاقات نہ ہو سکے: (۱) بے شک میں نے

أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 13364' وأحمد رقم الحديث: 156' وأبو يعلى رقم الحديث: 146 من طريق الزهري عن عبيد الله بن عبد الله عن ابن عباس' به أخرجه مالك جلد 2 صفحه 823' وعبد الرزاق رقم الحديث: 13329' والحميدي رقم الحديث: 25-26' وابن أبي شيبة جلد 10 صفحه 75-76' وأحمد رقم الحديث: 331-391' والدارمي رقم الحديث: 2327' والبخاري رقم الحديث: 6830-7323' ومسلم رقم الحديث: 1691' وأبو داؤد رقم الحديث: 4418' والترمذي رقم الحديث: 1432' والنسائي في الكبرى رقم الحديث: 7156-7160

26- حديث صحيح أخرجه عمر بن شبة في تاريخ المدينة جلد 3 صفحه 914-923 عن المصنف وعن يحيى بن حماد وعفان عن أبي عوانة' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 322 من طريق ابن عمر أخرجه أحمد رقم الحديث: 299-332' والبخاري رقم الحديث: 7218' ومسلم رقم الحديث: 1823' وأبو داؤد رقم الحديث: 2939' والترمذي رقم الحديث: 2225 من طريق عمرو بن ميمون الأودي أخرجه البخاري رقم الحديث: 1392-3700

AlHidayah - الهداية

اَخَافُ اَنْ لَا يُدْرِكَنِي النَّاسُ، اِنِّي لَمْ اَقْضِ فِي الْكَلَالَةِ وَلَمْ اَسْتَخْلِفْ عَلَى النَّاسِ خَلِيفَةً، وَكُلُّ مَمْلُوكٍ لِي عَتِيقٌ فَقِيلَ لَهُ: اسْتَخْلِفْ قَالَ: اَيَّ ذٰلِكَ فَعَلْتُ فَقَدْ فَعَلَهُ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي اِنْ اَسْتَخْلِفْ فَقَدِ اسْتَخْلَفَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنِّي وَاِنْ اَدَعِ النَّاسَ اِلَى اَمْرِهِمْ فَقَدْ تَرَكَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ: اَبْشِرْ بِالْجَنَّةِ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ صَحِبْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطَلْتَ صُحْبَتَهُ، ثُمَّ وَلِيتَ فَعَدَلْتَ وَاَدَّيْتَ الْاَمَانَةَ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَمَّا تُبْشِيرُكَ اِيَّايَ بِالْجَنَّةِ فَوَاللّٰهِ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَوْ اَنَّ لِي مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ لَافْتَدَيْتُ بِهِ مِمَّا هُوَ اَمَامِي قَبْلَ اَنْ اَعْلَمَ الْخَبَرَ، وَاَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ اَمْرِ الْمُسْلِمِينَ فَوَاللّٰهِ لَوَدِدْتُ اَنِّي نَجَوْتُ مِنْهَا كَفَافًا لَا عَلَيَّ وَلَا لِيَ، وَاَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ صُحْبَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَاكَ

کلالہ کے بارے کوئی فیصلہ نہیں کیا (۲) اور میں نے لوگوں پر کسی کو خلیفہ نہیں بنایا (۳) اور میرا ہر غلام آزاد ہے۔ آپ سے عرض کی گئی: آپ کسی کو خلیفہ مقرر کر دیں' آپ نے فرمایا: اگر میں ایسا کروں تو بے شک مجھ سے بہتر انسان نے خلیفہ مقرر کیا تھا (یعنی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے)' اور اگر چھوڑ دوں اس معاملہ کو لوگوں پر تو بے شک رسول اللہ ﷺ نے اس معاملہ کو لوگوں پر چھوڑا ہے' میں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! آپ کو جنت کی خوشخبری ہو! آپ رسول اللہ ﷺ کے صحابی ہیں' آپ دیر تک آپ ﷺ کی صحبت میں رہے' پھر والی بن گئے' سو آپ نے عدل کیا اور امانت کا حق ادا کر دیا۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ مجھے جنت کی خوشخبری دیتے ہیں' اللہ کی قسم! جس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں' اگر میرے پاس دنیا اور دنیا کے اندر جو نعمتیں ہیں تو میں انہیں صورتِ حال واضح ہونے سے پہلے اپنے سامنے پیش آنے والے معاملات کے فدیے میں دے دیتا' رہی بات جو آپ نے مسلمانوں کے معاملات کا ذکر کیا ہے' تو اللہ کی قسم! میں چاہتا ہوں کہ میں اس سے نجات پا جاؤں کسی طریقہ سے' نہ مجھے فائدہ ہو اور نہ مجھ پر کسی قسم کا وبال ہو' اور رہی بات آپ کی رسول اللہ ﷺ کی صحبت کی' تو وہ کافی ہے۔

27 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا زَمْعَةُ، عَنْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ

27- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف لضعف زمعة بن صالح لا سيما في ما رواه عن سلمة بن وهرام من طرق عن ابن عمر بمعناه أخرجه أحمد رقم الحديث: 317' والبخاري رقم الحديث: 1605' وأبو داؤد رقم الحديث: 1887' وابن ماجة رقم الحديث: 2952' وأبو يعلى رقم الحديث: 188

AlHidayah - الهداية

سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّهُ طَافَ فَاَرَادَ اَنْ لَا يَرْمُلَ فَقَالَ: اِنَّمَا رَمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَغِيظَ الْمُشْرِكِينَ ثُمَّ قَالَ: اَمْرٌ فَعَلَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَنْهَ عَنْهُ فَرَمَلَ

عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے طواف کیا تو ارادہ کیا کہ وہ رمل نہ کریں' پھر فرمایا: بے شک نبی اکرم ﷺ نے بھی رمل کیا تھا تا کہ مشرکین پر غصہ (ظاہر) کیا جائے' پھر فرمایا: یہ ایسا معاملہ ہے جو رسول اللہ ﷺ نے بھی کیا ہے اور آپ نے اس سے منع نہیں کیا' پھر آپ نے بھی رمل کیا۔

28 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ، مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ قَالَ: رَاَيْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ قَبَّلَ الْحَجَرَ وَسَجَدَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: رَاَيْتُ خَالَكَ ابْنَ عَبَّاسٍ قَبَّلَهُ وَسَجَدَ عَلَيْهِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَبَّلَهُ وَسَجَدَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ عُمَرُ: لَوْ لَمْ اَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبَّلَهُ مَا قَبَّلْتُهُ

حضرت جعفر بن عثمان القرشی جو اہل مکہ سے ہیں' فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت محمد بن عباد بن جعفر کو دیکھا' انہوں نے حجر اسود کا بوسہ لیا اور اس پر سجدہ کیا' پھر فرمایا: میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ انہوں نے بھی اس کا بوسہ لیا اور اس پر سجدہ کیا' پھر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ آپ نے اس کا بوسہ لیا اور اس پر سجدہ کیا' پھر حضرت عمر نے فرمایا: اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو اسے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں اس کا بوسہ نہ لیتا۔

28- حديث صحيح عزاه الحافظ في المطالب رقم الحديث: 1301 للمصنف . من طريق يونس بن حبيب عن الطيالسي' به مثله أخرجه البيهقي جلد 5صفحه74 من طريق بندار عن الطيالسي عن جعفر بن محمد المخزومي عن محمد بن عباد عن عمر أخرجه أبو يعلى رقم الحديث: 219 . من طريق أبي عاصم النبيل عن جعفر بن عبد الله به بنحوه أخرجه الدارمي رقم الحديث: 1882' والبزار رقم الحديث: 215' والحاكم جلد1صفحه455' وقال الحاكم: صحيح الاسناد من طريق بشر بن السرى عن جعفر بن عبد الله عن محمد بن عباد عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم لم يذكر عمر في اسناده أخرجه العقيلي جلد 1صفحه183 . من طريق العقيلي أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 8912 . والأزرقي في أخبار مكة جلد 1صفحه233 عن ابن عيينة كلاهما عن ابن جريج به .

AlHidayah - الهداية

29 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِی الْعَالِيَةِ الرِّيَاحِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: شَهِدَ عِنْدِی رِجَالٌ مَرْضِيُّونَ فِيهِمْ عُمَرُ وَاَرْضَاهُمْ عِنْدِی عُمَرُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صَلَاةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ وَعَنْ صَلَاةٍ بَعْدَ الصُّبْحِ حَتّٰى تُشْرِقَ الشَّمْسُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میرے پسندیدہ لوگ میرے پاس موجود تھے' اُن میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے' حضرت عمر مجھے اُن لوگوں میں سب سے زیادہ پسندیدہ تھے' (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ) بے شک رسول اللہ ﷺ نے عصر کے بعد نماز پڑھنے سے منع کیا' سورج کے غروب ہونے تک' اور صبح کی نماز کے بعد نماز پڑھنے سے منع کیا سورج کے بلند ہونے تک۔

30 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ مِخْرَاقٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَالَ لِي عُمَرُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ تَجِیءَ: مَنْ مَاتَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ قِيلَ لَهُ ادْخُلِ الْجَنَّةَ مِنْ اَیِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ الثَّمَانِيَةِ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا' اور رسول اللہ ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ تیرے آنے سے پہلے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو انسان اس حالت میں مرے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو' اس کو کہا جائے گا کہ جنت کے آٹھوں دروازوں میں سے جس سے چاہے داخل ہو جا!

29- حديث صحيح من طريق همام' به أخرجه ابن أبى شيبة جلد2صفحه349' وأحمد رقم الحديث:130-270' وابن ماجه رقم الحديث: 1250' من طرق عن قتادة به ' أخرجه أحمد رقم الحديث: 110-355-364' والبخارى رقم الحديث: 581-582' ومسلم رقم الحديث:826' وأبو داؤد رقم الحديث:1276' والترمذى رقم الحديث:183' والنسائى رقم الحديث: 561' وابن ماجة رقم الحديث: 1250' والبزار رقم الحديث: 185' وأبو يعلى رقم الحديث:147-159

30- حديث صحيح واسناد المصنف منقطع شهر بن حوشب لم يسمع من عقبة وهو كثير الارسال والوهم من طريق حماد به أخرجه أحمد رقم الحديث: 97 وغيرهم من طرق عن عقبة عن عمر أخرجه أحمد رقم الحديث: 121-151' ومسلم رقم الحديث: 234' وأبو داؤد رقم الحديث:169-170' والنسائى رقم الحديث:148' وابن ماجه رقم الحديث:1470

AlHidayah - الهداية

4- اَلْاَفْرَادُ عَنْ عُمَرَ

دیگر افراد کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث

31 - حَدَّثَنَا يُونُسُ، حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: خَطَبَنَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْجَابِيَةِ فَقَالَ: قَامَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقَامِي فِيكُمْ، فَقَالَ: اَكْرِمُوا اَصْحَابِي، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ يَفْشُو الْكَذِبُ حَتّٰى يَحْلِفَ الرَّجُلُ وَلَمْ يُسْتَحْلَفْ، وَيَشْهَدَ وَلَمْ يُسْتَشْهَدْ، فَمَنْ اَرَادَ بُحْبُوحَةَ الْجَنَّةِ فَلْيَلْزَمِ الْجَمَاعَةَ؛ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الِاثْنَيْنِ اَبْعَدُ، وَلَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ؛ فَاِنَّ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ، وَمَنْ سَرَّتْهُ حَسَنَتُهُ وَسَاءَتْهُ سَيِّئَتُهُ فَهُوَ مُؤْمِنٌ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ہم کو مقامِ جابیہ میں خطبہ دیا' فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے درمیان کھڑے ہوئے' جس جگہ آج میں تمہارے درمیان کھڑا ہوں' آپ نے فرمایا: میرے صحابہ کی تعظیم کرو' پھر اُن لوگوں کی جو ان سے ملے' پھر وہ لوگ جو ان سے ملے' پھر اس کے بعد جھوٹ ظاہر ہوگا یہاں تک کہ ایک آدمی قسم اُٹھائے گا' اور اس سے قسم کا مطالبہ نہیں کیا جائے گا' اور وہ گواہی دے گا حالانکہ اس سے گواہی طلب نہیں کی جائے گی' پس جو آدمی جنت کی تمنا رکھتا ہے' وہ جماعت کو لازم پکڑے' بے شک شیطان ایک کے ساتھ ہوتا ہے اور وہ دو سے بہت دور ہوتا ہے' اور کوئی آدمی کسی عورت سے تنہائی میں نہ رہے' کیونکہ تیسرا اُن دونوں کے ساتھ شیطان ہوتا ہے' اور جس کو نیکی اچھی لگے اور بُرائی بری لگے تو وہ مؤمن ہے۔

31- حدیث حسن بمجموع طرقه واسناد المصنف ضعيف اضطرب فيه عبد الملك بن عمير كثيرًا وهو مدلس تغير حفظه من طريق المصنف جعله عن شعبه بدل جرير أخرجه الطبرانی فی الصغير جلد1 صفحه158' والخطيب جلد2 صفحه187 . من طريق جرير' به أخرجه ابن أبی عاصم فی السنة رقم الحديث: 902-1489' والنسائی فی الكبرىٰ رقم الحديث: 9220-9221' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 141-142' وابن حبان رقم الحديث: 4576-6728 . من طريق جرير بن عبد الحميد عن عبد الملك بن عمير' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 177' والنسائی فی الكبرىٰ رقم الحديث: 9219' وابن ماجه رقم الحديث: 2363' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 143' وابن حبان رقم الحديث: 5586 .

AlHidayah - الهداية

32 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ الْمُزَنِيّ، قَالَ: اَتَيْتُ الْمَدِينَةَ زَمَنَ الْاَقِطِ وَالسَّمْنِ وَالْاَعْرَابُ يَاْتُونَ بِالْبُرْقَانِ فَيَبِيعُونَهَا فَاِذَا اَنَا بِرَجُلٍ طَامِحٍ بَصَرُهُ يَنْظُرُ اِلَى النَّاسِ فَظَنَنْتُ اَنَّهُ غَرِيبٌ فَدَنَوْتُ مِنْهُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيَّ وَقَالَ لِي: مِنْ اَهْلِ هَذِهِ اَنْتَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ فَجَلَسْتُ مَعَهُ فَقُلْتُ: مِمَّنْ اَنْتَ؟ فَقَالَ: مِنْ هِلَالٍ وَاسْمِي كَهْمَسٌ اَوْ قَالَ لِي: مِنْ بَنِي سَلُولٍ وَاسْمِي كَهْمَسٌ ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُحَدِّثُكَ حَدِيثًا شَهِدْتُهُ مِنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ؟ فَقُلْتُ: بَلَى قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوسٌ عِنْدَهُ اِذْ جَاءَتِ امْرَاَةٌ فَجَلَسَتْ اِلَيْهِ فَقَالَتْ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِنَّ زَوْجِي قَدْ كَثُرَ شَرُّهُ وَقَلَّ خَيْرُهُ فَقَالَ لَهَا عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَمَنْ زَوْجُكِ؟ قَالَتْ: اَبُو سَلَمَةَ قَالَ: اِنَّ ذَاكَ الرَّجُلَ رَجُلٌ لَهُ صُحْبَةٌ وَاِنَّهُ لَرَجُلُ صِدْقٍ ثُمَّ قَالَ عُمَرُ لِرَجُلٍ عِنْدَهُ جَالِسٍ: اَلَيْسَ كَذَلِكَ؟ فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ لَا نَعْرِفُهُ اِلَّا بِمَا قُلْتَ فَقَالَ عُمَرُ لِرَجُلٍ: قُمْ فَادْعُهُ لِي وَقَامَتِ الْمَرْاَةُ حِينَ

حضرت معاویہ بن قرۃ المزنی روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ میں قحط سالی کے زمانے میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا' حالانکہ دیہاتی لوگ بھیڑ کے بچے لا کر وہاں فروخت کر رہے تھے اور جب ایسے شخص کے ساتھ موجود تھا' جس کی نگاہ لوگوں پر پڑ رہی تھی' مجھے گمان ہوا کہ وہ ایک اجنبی انسان ہے' اس کے قریب جا کر میں نے اس پر سلام کیا' اس نے میرے سوال کا جواب دینے کے بعد پوچھا: کیا آپ انہی لوگوں میں سے ہیں؟ تو میں نے جواب ہاں میں دیا' پھر میں اس کے ساتھ بیٹھ گیا اور پوچھا: کیا تمہارا تعلق انہی لوگوں سے ہے؟ تو جواب دیتے ہوئے بولا: قبیلہ ہلال سے میں تعلق رکھتا ہوں اور میرا نام کہمس ہے' یا مجھ سے یہ کہا: (راوی کو شک ہے) میں بنی سلول سے تعلق رکھتا ہوں اور میرا نام کہمس ہے۔ اس نے پھر کہا: میں تمہیں وہ بات نہ بتاؤں جو میں نے حضرت عمر بن الخطاب کی موجودگی میں سنی تھی' میں جواباً بولا: کیوں نہیں! تو وہ کہنے لگا: ہم حضرت عمر بن الخطاب کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' اسی دوران ایک عورت بھی آپ کے پاس بیٹھ گئی اور

32- حديث صحيح و حماد بن يزيد لم أجد فيه جرحًا ولا تعديلًا وذكره ابن حبان في الثقات عزاه الحافظ في المطالب رقم الحديث: 1178-1809-4619' والبوصيري في الاتحاف بذيل المطالب رقم الحديث: 2900' للمصنف من طريق المصنف أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني رقم الحديث: 1445' وابن قانع في معجمه جلد 2صفحه382' والطحاوي في المشكل رقم الحديث: 2460 من طريق حماد بن يزيد به أخرجه ابن سعد جلد7صفحه46' والبخاري جلد7صفحه238-239' والطبري في مسند عمر من تهذيب الآثار صفحه 335 والأزدي في المخزون رقم الحديث: 148' والطبراني في الكبير رقم الحديث: 435 - جلد19صفحه194' وأبو أحمد الحاكم كما في الاصابة جلد7 صفحه187'

AlHidayah - الهداية

اَرْسَلَ اِلَی زَوْجِهَا فَقَعَدَتْ خَلْفَ عُمَرَ فَلَمْ يَلْبَثْ اَنْ جَاءَا مَعًا حَتَّى جَلَسَا بَيْنَ يَدَىْ عُمَرَ فَقَالَ عُمَرُ: مَا تَقُولُ فِي هَذِهِ الْجَالِسَةِ خَلْفِي؟ قَالَ: وَمَنْ هَذِهِ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ قَالَ: هَذِهِ امْرَاَتُكَ قَالَ: وَتَقُولُ مَاذَا؟ قَالَ: تَزْعُمُ اَنَّهُ قَدْ قَلَّ خَيْرُكَ وَكَثُرَ شَرُّكَ قَالَ: بِئْسَ مَا قَالَتْ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِنَّهَا لَمِنْ صَالِحِ نِسَائِهَا اَكْثَرُهُنَّ كِسْوَةً وَاَكْثَرُهُنَّ رَفَاهِيَةً وَلَكِنَّ فَحْلَهَا بَكِيءٌ، قَالَ عُمَرُ: مَا تَقُولِينَ؟ فَقَالَ: قَالَتْ: صَدَقَ فَقَامَ اِلَيْهَا عُمَرُ بِالدِّرَّةِ فَتَنَاوَلَهَا بِهَا ثُمَّ قَالَ: اَىْ عَدُوَّةَ نَفْسِهَا اَكَلْتِ مَالَهُ وَاَفْنَيْتِ شَبَابَهُ ثُمَّ اَنْشَاْتِ تُخْبِرِينَ بِمَا لَيْسَ فِيهِ فَقَالَتْ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ لَا تَعْجَلْ فَوَاللّٰهِ لَا اَجْلِسُ هَذَا الْمَجْلِسَ اَبَدًا ثُمَّ اَمَرَ لَهَا بِثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ فَقَالَ: خُذِى لِمَا صَنَعْتُ بِكِ وَاِيَّاكِ اَنْ تَشْتَكِيَنَّ هَذَا الشَّيْخَ، كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَيْهَا قَامَتْ وَمَعَهَا الثِّيَابُ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَى زَوْجِهَا فَقَالَ: لَا يَحْمِلَنَّكَ مَا رَاَيْتَنِي صَنَعْتُ بِهَا اَنْ تُسِيءَ اِلَيْهَا، انْصَرَفَا فَقَالَ الرَّجُلُ: مَا كُنْتُ لِاَفْعَلَ ثُمَّ قَالَ عُمَرُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: خَيْرُ اُمَّتِي الْقَرْنُ الَّذِى اَنَا مِنْهُ ثُمَّ الثَّانِي ثُمَّ الثَّالِثُ ثُمَّ يَنْشَاُ قَوْمٌ تَسْبِقُ اَيْمَانُهُمْ شَهَادَتَهُمْ يَشْهَدُونَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يُسْتَشْهَدُوا، لَهُمْ لَغَطٌ فِي اَسْوَاقِهِمْ ، قَالَ: قَالَ لِي كَهْمَسٌ: اَفَتَخَافُ اَنْ يَكُونَ هَؤُلَاءِ مِنْ اُولَئِكَ ثُمَّ قَالَ لِي كَهْمَسٌ: اِنِّي اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ بِاِسْلَامِي ثُمَّ غِبْتُ عَنْهُ حَوْلًا ثُمَّ اَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَاَنَّكَ تُنْكِرُنِي؟

کہنے لگی: اے امیر المؤمنین! میرے خاوند کی بُرائیاں بڑھ چکی ہیں اور نیکیاں کم ہو چکی ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا کہ تمہارا خاوند کون ہے؟ اس عورت نے ابوسلمہ کا نام لیا تو آپ نے فرمایا: وہ شخص صحابی رسول ﷺ ہے نیز وہ سچائی کا پیکر بھی ہے' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے پاس بیٹھے ہوئے شخص سے پوچھا: کیا وہ ایسا نہیں ہے؟ اس شخص نے جواب دیا: میں آپ کی بات کی تائید کرتا ہوں' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو حکم دیا کہ جاؤ! اسے میرے پاس بلا لاؤ! تو وہ عورت کھڑی ہو گئی' جب آپ نے اس کے شوہر کو بلوانے کیلئے (دوسرے آدمی کو) بھیجا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھ گئی' تھوڑی ہی دیر گزری تھی کہ وہ دونوں اکٹھے آئے اور آپ کے سامنے آ کر بیٹھ گئے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس سے پوچھا: میرے پیچھے بیٹھنے والی عورت کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے؟ پھر اس نے پوچھا: اے امیر المؤمنین! یہ کون ہے؟ آپ نے جواباً ارشاد فرمایا: یہ تمہاری وجہ ہے' پھر حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا: یہ کیا کہتی ہے؟ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیتے ہوئے فرمایا: تمہاری بیوی کا خیال ہے کہ تمہاری بھلائیاں کم ہو چکی ہیں جبکہ بُرائیاں بڑھ چکی ہیں۔ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ جواب دیتے ہوئے بولے: اے امیر المؤمنین! میری بیوی نے جو کچھ بھی کہا ہے' غلط کہا ہے' تحقیق اس کا تعلق ان امیر عورتوں سے ہے جن کے پاس پہننے کے کپڑے بھی زیادہ ہیں اور وہ خوشحال زندگی بسر کرنے والی ہیں لیکن ان کے

AlHidayah - الهداية

فَقَالَ: اَجَلْ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا اَفْطَرْتُ مُنْذُ فَارَقْتُكَ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَنْ اَمَرَكَ اَنْ تُعَذِّبَ نَفْسَكَ صُمْ يَوْمًا مِنَ الشَّهْرِ، فَقُلْتُ: زِدْنِي قَالَ: فَصُمْ يَوْمَيْنِ، حَتّٰى قَالَ: فَصُمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِنَ الشَّهْرِ

خاوند آنسو بہا رہے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس عورت سے پوچھا: تمہارا کیا خیال ہے؟ تو اس عورت نے اپنے خاوند کی تصدیق کر دی۔ بعد ازیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے ہاتھ میں درہ لے کر اس عورت سے مخاطب ہوئے: اے اپنے نفس کی دشمن! تُو نے اپنے خاوند کے مال کو کھایا' اس کی جوانی کو ضائع کیا' اب تُو کہتی ہے کہ اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔ پھر وہ عورت بولی: اے امیر المؤمنین! جلدی سے کام نہ لیں' اللہ کی قسم! میں اس مجلس میں کبھی بھی نہیں بیٹھوں گی' پھر آپ نے اس کیلئے تین کپڑوں کا حکم دیا' پھر آپ نے اس عورت سے کہا: تم وہ مال لے لو جو میں نے تمہیں دینے کا اعلان کیا ہے اور اس بوڑھے شخص کی شکایت کرنے سے اجتناب کر۔ (راوی کہتا ہے:) گویا میں اس عورت کو (اب بھی) دیکھ رہا ہوں کہ وہ کپڑوں سمیت کھڑی ہو گی پھر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اس کے خاوند کی طرف متوجہ ہو کر کہنے لگے: میری طرف سے کیا گیا سلوک تمہیں اس بات پر برانگیختہ نہ کرے کہ تم اس کے ساتھ بدسلوکی سے پیش آؤ' وہ دونوں واپس چل پڑے تو وہ شخص بولا: میں ایسا نہیں کروں گا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرمانے لگے کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ میری اُمت کا بہترین زمانہ وہی ہے جس میں' میں ہوں' پھر اس کے بعد کے زمانہ سے' پھر اس کے بعد کا وقت ہے' پھر ایسی قوم پروان چڑھے گی جس کی قسمیں ان کی گواہیوں سے سبقت لے جائیں گی اور وہ بغیر گواہی طلب کیے گواہ بنیں گے' ان کے بازاروں

میں شوروغل ہوا۔ راوی (معاویہ بن قرۃ المزنی) کہتے ہیں: مجھ سے کہمس کہنے لگے کہ کیا تمہیں اس بات کا خطرہ ہے کہ وہ لوگ انہی میں سے ہوں گے' پھر کہمس مجھ سے مخاطب ہو کر کہنے لگے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور میں نے انہیں اپنے اسلام قبول کرنے کے متعلق آگاہ کیا' پھر میں ایک سال تک غائب رہا' پھر میں آپ کے پاس آیا اور عرض کی: یارسول اللہ! لگتا ہے آپ میرے معاملے سے بے خبر ہیں' آپ نے فرمایا: ہاں! پھر میں عرض گزار ہوا: یارسول اللہ! جب سے آپ سے جدا ہوا ہوں' اس دن سے میں نے روزہ نہیں چھوڑا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: تمہیں کس نے حکم دیا تھا کہ تم اپنے آپ کو تکلیف دو' تم ایک مہینے میں صرف ایک روزہ رکھو' میں نے عرض کی: اضافہ فرما دیں! آپ نے فرمایا: دو روزے رکھا کرو' یہاں تک کہ آپ نے فرمایا: ایک ماہ میں تین دن روزے رکھا کرو۔

33 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، اَنَّ صُهَيْبًا، لَمَّا طُعِنَ عُمَرُ قَالَ: وَااَخَاهُ وَااَخَاهُ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: مَهْ يَا اَخِي مَهْ يَا صُهَيْبُ اَمَا سَمِعْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَلْمَيِّتُ يُعَذَّبُ فِي قَبْرِهِ بِبُكَاءِ اَهْلِهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کو (جب معلوم ہوا) کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ زخمی ہوئے ہیں' کہنے لگے: ہائے میرے بھائی! ہائے میرے بھائی! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: رہنے دو اے میرے بھائی! رہنے دو! اے صہیب! کیا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشادِ مبارک نہیں سنا کہ میت پر اس کی قبر میں اہل خانہ کے رونے کی وجہ سے عذاب ہوتا

33- حدیث صحیح من طریق ثابت عن أنس عن عمر أخرجه أحمد رقم الحدیث: 268' ومسلم رقم الحدیث: 927 وغیرهما .

AlHidayah - الهداية

ہے۔

34 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ الاَعْلَى، عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ قَالَ: رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يُقَبِّلُ الْحَجَرَ، وَيَقُولُ: اِنِّي لاُقَبِّلُكَ وَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ وَلٰكِنِّي رَاَيْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَ حَفِيًّا.

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو حجر اسود کا بوسہ لیتے ہوئے دیکھا' اور (پتھر کو مخاطب کر کے) وہ کہہ رہے تھے: میں تیرا بوسہ نہ لیتا اور میں جانتا ہوں کہ تُو پتھر ہے' لیکن میں نے ابوالقاسم ﷺ کو تجھ سے لپٹے ہوئے دیکھا۔

35 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حَبِيبَ بْنَ عُبَيْدٍ، يُحَدِّثُ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيِّ، عَنِ ابْنِ السِّمْطِ، اَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ يَقُولُ: صَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت ابن سمط رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ذوالحلیفہ میں دو رکعت نماز پڑھی تھی۔

36 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول

34- حديث صحيح عن اسرائيل به أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 9034 من طريق ابراهيم ابن عبد الأعلىٰ' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 274-382' ومسلم رقم الحديث: 1271' والنسائى رقم الحديث: 2936' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 189' والبزار رقم الحديث: 341 . وقال البزار: وهذا اللفظ لا نعلم رُوى عن عمر الا من حديث سويد بن غفلة عن عمر . ورُوى عن عمر من طرق جمة أخرجه أحمد رقم الحديث: 99-131-176' والبخارى رقم الحديث: 1605' ومسلم رقم الحديث: 1271' وأبو داؤد رقم الحديث: 1873' والنسائى رقم الحديث: 228' والترمذى رقم الحديث: 860 وغيرهم .

35- حديث صحيح من طريق المصنف أخرجه الطحاوى جلد1صفحه416' وأبو نعيم فى الحلية جلد7 صفحه187-188' والبيهقى جلد3صفحه146' من طريق شعبة' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 198-207' ومسلم رقم الحديث: 692' والنسائى رقم الحديث: 1436' والبزار رقم الحديث: 316' والطبرى فى مسند عمر من تهذيب الآثار رقم الحديث: 209-894-895 وغيرهم .

36- اسناده ضعيف لجهالة الراوى عن عمر . وعزاه الحافظ فى المطالب رقم الحديث: 2118' والبوصيرى فى الاتحاف بذيل المطالب للمصنف وذكره فى الكنز رقم الحديث: 11322 عن المصنف . انظر البخارى

AlHidayah - الهداية

سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ عُمَرَ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ قِبْصٌ مِنَ النَّاسِ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَىُّ النَّاسِ خَيْرٌ مَنْزِلَةً عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَعْدَ اَنْبِيَائِهِ وَاَصْفِيَائِهِ؟ فَقَالَ: الْمُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ حَتّٰى تَاْتِيَهُ دَعْوَةُ اللّٰهِ وَهُوَ عَلَى مَتْنِ فَرَسِهِ وَآخِذٌ بِعِنَانِهِ ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: وَامْرُؤٌ بِنَاحِيَةٍ اَحْسَنَ عِبَادَةَ رَبِّهِ وَتَرَكَ النَّاسَ مِنْ شَرِّهِ ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَاَىُّ النَّاسِ شَرٌّ مَنْزِلَةً عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: الْمُشْرِكُ ، قَالَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: اِمَامٌ جَائِرٌ يَجُورُ عَنِ الْحَقِّ وَقَدْ مُكِّنَ لَهُ ، وَخَصَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْوَابَ الْغَيْبِ وَقَالَ: سَلُونِي وَلَا تَسَالُونِي عَنْ شَيْءٍ اِلَّا اَنْبَاْتُكُمْ بِهِ ، فَقَالَ عُمَرُ: رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَبِالْاِسْلَامِ دِينًا وَبِكَ نَبِيًّا حَسْبُنَا مَا اَتَانَا قَالَ فَسُرِّيَ عَنْهُ

اللہ ﷺ کے پاس موجود تھا' آپ کے پاس کچھ اور لوگ بھی تھے' سوایک آدمی آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کے دن انبیاء واصفیاء کے بعد لوگوں میں سے کس کا مقام بہتر ہوگا؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: جو اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان کے ساتھ جہاد کرتا ہو' یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ جائے' اور وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہو اور اس کی لگام کو پکڑے۔ عرض کی: پھر اس کے بعد کس کا مقام ہوگا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ آدمی جو کسی گوشۂ تنہائی میں اپنے رب کی اچھی طرح عبادت کرتا ہو اور لوگوں کو اپنے شر سے بچا کے رکھے۔ پھر اس آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! قیامت کے دن لوگوں میں سب سے بُرے مقام پر کون ہو گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: مشرک' عرض کی: پھر کون ہوگا؟ فرمایا: ظالم بادشاہ' جو حق سے تجاوز کرتا ہو اور اس کی حکومت بھی ہو۔ اور رسول اللہ ﷺ نے غیب کے دروازہ کو خاص کیا' اور فرمایا: مجھ سے پوچھو جو چیز بھی پوچھو گے میں اُس کے بارے تمہیں تفصیلاً بتاؤں گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ہم اللہ کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور آپ کے نبی ہونے پر راضی ہیں' ہمارے لیے کافی ہے جو آپ ہمارے پاس لائے' ہمارے لیے کافی ہے۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پھر آپ کا غصہ زائل ہو گیا۔

37 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

رقم الحديث: 2786' ومسلم رقم الحديث: 1888-1889-2359

37- حديث صحيح من طريق حماد' به أخرجه البخاري رقم الحديث: 3898-6953' ومسلم رقم الحديث: 1907 من

AlHidayah - الهداية

زَيْدٍ، وَزُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ التَّمِيمِيِّ، كِلَاهُمَا عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَاِنَّمَا لِكُلِّ امْرِءٍ مَا نَوَى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ فَهِجْرَتُهُ اِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيبُهَا اَوِ امْرَاَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ اِلَى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: اے لوگو! بے شک اعمال (کے ثواب) کا دارومدار نیت پر ہے' ہر آدمی کے لیے وہی ہے جس کی اس نے نیت کی' سو جس نے ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف کی' اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہوگی' اور جس کی ہجرت دنیا حاصل کرنے کے لیے ہو' تاکہ اس کو پالے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کے لیے ہجرت کی تو اس کی ہجرت اسی کی طرف ہوگی جس کی طرف اس نے ہجرت کی۔

38 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الرَّبِيعِ الْعَدَوِيِّ، قَالَ: لَقِينَا عُمَرَ فَقُلْنَا لَهُ: اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو حَدَّثَنَا بِكَذَا وَكَذَا فَقَالَ عُمَرُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو اَعْلَمُ بِمَا يَقُولُ قَالَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ نُودِيَ بِالصَّلَاةِ جَامِعَةً فَاجْتَمَعَ اِلَيْهِ النَّاسُ فَخَطَبَهُمْ عُمَرُ

حضرت سلیمان بن الربیع العدوی فرماتے ہیں کہ ہماری ملاقات حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ہوئی' ہم نے آپ سے عرض کی: حضرت عبداللہ بن عمرو ایسے ایسے ہمیں حدیثیں بیان کرتے ہیں' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عبداللہ بن عمرو جو کہتے ہیں وہ زیادہ معلومات رکھتے ہیں (اس بارے) جو وہ کہتے ہیں؟ یہ الفاظ آپ نے تین

طريق يحيى بن سعد به أخرجه الحميدى رقم الحديث: 28' وأحمد رقم الحديث: 168-300' والبخارى جلد 1 صفحه 54 - رقم الحديث: 2529-5070-6689' ومسلم رقم الحديث: 1907' وأبو داؤد رقم الحديث: 2201' والترمذى رقم الحديث: 1647' والنسائى رقم الحديث: 3437-3803' وابن ماجه رقم الحديث: 227 وغيرهم .

38- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف لجهالة سليمان بن الربيع والانقطاع بين ابن بريدة وسليمان بن الربيع من طريق المصنف بالمرفوع كذلك أخرجه الدارمى رقم الحديث: 2438' وأبو يعلى كما فى المطالب رقم الحديث: 4855' والطبرى فى مسند عمر من تهذيب الآثار رقم الحديث: 816 . وعزاه الحافظ فى المطالب رقم الحديث: 4854 للمصنف بالمرفوع فقط وساقه ابن كثير فى مسند الفاروق جلد 2 صفحه 657 عن المصنف بتمامه: من طريق همام' به أخرجه البخارى فى التاريخ جلد 4 صفحه 12' والحاكم جلد 4 صفحه 449 وقال الحاكم: صحيح الاسناد .

فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِنْ أُمَّتِي عَلَى الْحَقِّ حَتَّى يَأْتِيَ أَمْرُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ

مرتبہ کہے' پھر نماز کے لیے آواز دی: الصلوٰۃ الجامعۃ! تو لوگ نماز پڑھنے کے لیے آپ کے پاس جمع ہو گئے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں خطبہ دیا تو فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: ایک گروہ میری اُمت میں سے ہمیشہ حق پر رہے گا' یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ جائے۔

39 — حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْخُزَاعِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، يَقُولُ: أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ الْقُرَشِيِّ، وَابْنِ عَبْدِ الْقَارِيِّ، أَنَّهُمَا سَمِعَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُولُ: أَقْرَأَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُورَةً مِنَ الْقُرْآنِ فَحَفِظْتُهَا وَوَعَيْتُهَا فَبَيْنَا أَنَا قَائِمٌ فِي الْمَسْجِدِ أُصَلِّي إِذَا هِشَامُ بْنُ حَكِيمٍ يُصَلِّي إِلَى جَنْبِي فَافْتَتَحَ تِلْكَ السُّورَةَ عَلَى غَيْرِ الْحَرْفِ الَّذِي أَقْرَأَنِي عَلَيْهِ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَمَمْتُ أَنْ أُسَاوِرَهُ فِي الصَّلَاةِ ثُمَّ كَفَفْتُ عَنْهُ حَتَّى صَلَّى فَأَخَذْتُ بِمَجَامِعِ ثَوْبِهِ فَقُلْتُ: مَنْ أَقْرَأَكَ هَذِهِ

حضرت مسور بن مخرمہ قرشی اور حضرت ابن عبدالقاری دونوں سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے قرآن پاک سے ایک سورت پڑھائی' سو میں نے اس کو یاد کیا اور دل میں محفوظ کر لیا' اس دوران کہ میں مسجد میں کھڑا ہوا نماز پڑھنے کے لیے کہ ہشام بن حکیم میرے پہلو میں نماز پڑھ رہے تھے تو انہوں نے وہ سورت اس قرأت پر نہیں پڑھی جس قرأت پر مجھے رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی تھی' سو میں نے نماز میں اُن کو روکنے کا ارادہ کر لیا' پھر میں رُک گیا یہاں تک کہ انہوں نے نماز پڑھ لی' پھر میں نے اُن کو کپڑے سے پکڑا۔ میں نے کہا: آپ کو یہ سورت کس نے

39- حديث صحيح و شيخ المصنف ضعفه غير واحد واعتمده البخاري في صحيحه وقد توبع هنا عن الزهري من طريق الزهري به مثله أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 20369' وابن أبي شيبة رقم الحديث: 10174' وأحمد رقم الحديث: 278-290-297-2375' والبخاري رقم الحديث: 4992-5041-7550' ومسلم رقم الحديث: 818' والنسائي رقم الحديث: 937' والترمذي رقم الحديث: 2943' والبزار رقم الحديث: 300' والطبري في مسند عمر من تهذيب الآثار صفحه 776 وغيرهم . ورُوي عن المسور وحده عند أحمد رقم الحديث: 158' والنسائي رقم الحديث: 935' ورُوي عن عبد الرحمٰن بن عبد وحده عند أحمد رقم الحديث: 277' والبخاري رقم الحديث: 2419' ومسلم رقم الحديث: 818' وأبي داؤد رقم الحديث: 1475' والنسائي رقم الحديث: 936' وقال الدارقطني في العلل جلد2صفحه214: وكلها صحاح محفوظة عن الزهري .

AlHidayah - الهداية

الْآيَةَ؟ فَقَالَ: اَقْرَاَنِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ: كَذَبْتَ لَقَدْ اَقْرَاَنِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى غَيْرِ هٰذَا الْحَرْفِ فَخَرَجْتُ اَقُودُهُ فَلَمَّا رَآنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِي: يَا عُمَرُ خَلِّ سَبِيلَهُ، فَاَرْسَلْتُ ثَوْبَهُ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَقْرَاْتَنِي سُورَةً مِنَ الْقُرْآنِ فَاِذَا هُوَ يَقْرَاُ عَلَى خِلَافِ مَا اَقْرَاْتَنِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَاْ يَا هِشَامُ، فَقَرَاَ فَقَالَ: هٰكَذَا اُنْزِلَتْ، ثُمَّ قَالَ لِي: اقْرَاْ يَا عُمَرُ، فَقَرَاْتُ فَقَالَ: هٰكَذَا اُنْزِلَتْ، اِنَّ الْقُرْآنَ اُنْزِلَ عَلَى سَبْعَةِ اَحْرُفٍ فَاقْرَئُوا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ

پڑھائی ہے؟ انہوں نے کہا: مجھے رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی ہے۔ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) میں نے کہا کہ آپ جھوٹ بول رہے ہیں' بے شک میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس قرأت پر نہیں پڑھی' سو میں اُن کے ہاتھ کو پکڑ کر نکلا' جب مجھے رسول اللہ ﷺ نے دیکھا تو فرمایا: اے عمر! اس کا راستہ چھوڑ دے! تو میں نے اُن کے کپڑے کو چھوڑ دیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے آپ نے جو سورت قرآن پاک سے پڑھائی تھی' یہ اس کے علاوہ قرأت پر پڑھ رہا تھا جس قرأت پر آپ نے مجھے پڑھائی تھی۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے ہشام! پڑھ! انہوں نے پڑھی' تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ سورت اسی طرز پر اُتری تھی' پھر مجھ سے فرمایا: اے عمر! پڑھ! میں نے پڑھی تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ سورت اسی طرح نازل ہوئی ہے' بے شک قرآن پاک سات قرأتوں پر اُترا ہے' سو تمہیں جو قرأت آسان لگے اس کو پڑھ لو۔

40 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: تَرَائَيْنَا الْهِلَالَ فَمَا مِنَ النَّاسِ اَحَدٌ يَزْعُمُ اَنَّهُ رَآهُ غَيْرِي فَقُلْتُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے چاند کو دیکھا' لوگوں میں سے ہر ایک کا خیال تھا کہ اس کے علاوہ کوئی نہیں دیکھ رہا' سو میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ

40- حديث صحيح من طريق سليمان بن المغيره' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 182' ومسلم رقم الحديث: 2873' والنسائى رقم الحديث: 2073' وأبو يعلى رقم الحديث: 140' والبزار رقم الحديث: 222' والطبرى فى مسند عمر من تهذيب الآثار رقم الحديث: 485' والطبرانى فى الأوسط رقم الحديث: 8453 . من طريق حماد بن سلمة عن ثابت عن أنس ليس فيه عمر أخرجه أحمد رقم الحديث: 13320-14096' ومسلم رقم الحديث: 2874 . من طريق حميد عن أنس أخرجه أحمد رقم الحديث: 12039-12896-13719' وعبد بن حميد رقم الحديث: 1211-1405' والنسائى رقم الحديث: 2074 .

AlHidayah - الهداية

لِعُمَرَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اَمَا تَرَاهُ؟ فَجَعَلْتُ اُرِيهِ اِيَّاهُ فَلَمَّا اَعْيَاهُ اَنْ يَرَاهُ قَالَ: سَارَاهُ وَاَنَا مُسْتَلْقٍ عَلَى فِرَاشِي ثُمَّ اَنْشَاَ يُحَدِّثُنَا عَنْ يَوْمِ بَدْرٍ فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخْبِرُنَا بِمَصَارِعِ الْقَوْمِ بِالْاَمْسِ: هٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ غَدًا، هٰذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ غَدًا ، فَوَالَّذِي بَعَثَهُ بِالْحَقِّ مَا اَخْطَئُوا تِلْكَ الْحُدُودَ وَجَعَلُوا يُصْرَعُونَ عَلَيْهَا ثُمَّ اُلْقُوا فِي الْقَلِيبِ وَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ هَلْ وَجَدْتُمْ مَا وَعَدَكُمْ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ فَقَدْ وَجَدْتُ مَا وَعَدَنِي رَبِّي حَقًّا ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَتُكَلِّمُ اَجْسَادًا لَا اَرْوَاحَ فِيهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ مِنْهُمْ وَلٰكِنَّهُمْ لَا يَسْتَطِيعُونَ اَنْ يَرُدُّوا عَلَيَّ

سے کہا: اے امیر المؤمنین! کیا آپ نے چاند دیکھ ہے؟ تو میں اس چاند کو دیکھنے لگا جب چاند کے دیکھنے نے نہیں تھکا دیا تو فرمانے لگے: میں عنقریب دیکھ لوں گا' (ب) میں بستر پر لیٹنے لگا ہوں' پھر آپ ہمیں غزوۂ بدر کے متعلق بتانے لگے کہ نبی اکرم ﷺ ایک دن پہلے کافر قوم کے پچھاڑنے کی جگہوں کے متعلق آگاہ کر چکے تھے کہ یہ فلاں کے گرنے کی جگہ ہے انشاء اللہ کل' یہ فلاں کے گرنے کی جگہ ہے انشاء اللہ کل' قسم ہے اس ذات کی جس نے انہیں حق کے ساتھ بھیجا ہے وہ کافر (بیان کردہ) حدود سے آگے پیچھے نہ ہٹے اور انہی مقامات پہ گرنا شروع ہو گئے' پھر انہیں کنویں میں پھینک دیا گیا' پھر نبی اکرم ﷺ تشریف لائے اور کہا. اے فلاں بن فلاں! کیا تم نے اپنے رب کے وعدے کو سچا پایا ہے جو اس نے تمہارے ساتھ کیا ہے' تحقیق میں نے اپنے رب کے وعدے کو سچا پایا ہے' (حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:) میں نے عرض کی کہ یارسول اللہ! کیا آپ ان جسموں سے گفتگو کر رہے ہیں جو روحوں سے خالی ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے' تم ان سے بڑھ کر نہیں سننے والے' لیکن یہ مرے ہوئے ہیں جواب دینے کی صلاحیت نہیں رکھتے۔

41 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

41- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف لحال علي بن زيد وقد توبع على ثلاث منها بمتابعات صحيحة وأما الرابعة وهي قوله "تبارك الله أحسن الخالقين" فالمتابعة ضعيفة لكنها تعضده . من طريق يونس بن حبيب عن أبي داؤد به أخرجه ابن أبي حاتم كما في التفسير لابن كثير جلد 5صفحه463 وابن أبي داؤد في المصاحف رقم

AlHidayah - الهداية

سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: وَافَقْتُ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ فِي أَرْبَعٍ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ لَوْ صَلَّيْتَ خَلْفَ الْمَقَامِ فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى)(البقرة: 125)وَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ لَوْ ضَرَبْتَ عَلَى نِسَائِكَ الْحِجَابَ فَإِنَّهُ يَدْخُلُ عَلَيْكَ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ)(الاحزاب: 53)، وَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلَالَةٍ مِنْ طِينٍ)(المؤمنون: 12)الْآيَةَ، فَلَمَّا نَزَلَتْ قُلْتُ أَنَا: تَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ فَنَزَلَتْ (فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ)(المؤمنون: 14)وَدَخَلْتُ عَلَى أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهُنَّ: لَتَنْتَهُنَّ أَوْ لَيُبْدِلَنَّهُ اللَّهُ بِأَزْوَاجٍ خَيْرٍ مِنْكُنَّ فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ)(التحريم: 5)الْآيَةَ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے رب نے چار مقام میں میری موافقت فرمائی' (۱) میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر ہم مقامِ ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھیں' تو یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی: ''وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى'' (۲) میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر آپ اپنی بیویوں کو پردہ کا حکم دیں کیونکہ آپ کے پاس نیک اور بُرے لوگ آتے ہیں' تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ'' اور یہ آیت نازل ہوئی: ''وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلَالَةٍ مِنْ طِينٍ''۔ سو جب یہ آیت نازل ہوئی تو میں نے کہا: ''تَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ'' تو یہ آیت نازل ہوئی: ''فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ'' اور میں نبی اکرم ﷺ کی ازواج کے پاس گیا تو میں نے ان سے کہا: تمہیں دور کر دے گا' یا اللہ تعالیٰ تم سے بہتر بیویاں آپ کو عطا فرمائے گا' تو یہ آیت نازل ہوئی: ''عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ'' پوری آیت۔

42 ۔ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب

الحديث: 98 ۔ من طريق أحمد بن عبد الله بن سويد عن الطيالسي' به أخرجه البزار رقم الحديث: 221 ' وابن عساكر في ترجمة عمر من تاريخه رقم الحديث: 99 ۔ عن حميد' عن أنس أخرجه أحمد رقم الحديث: 157-160-250' والدارمي رقم الحديث: 1856' والبخاري رقم الحديث: 402-4483-4790' والترمذي رقم الحديث: 2959-2960 وغيرهم ۔

42- حديث صحيح من طريق حماد بن سلمة عن ثابت به أخرجه أحمد رقم الحديث: 268' ومسلم رقم الحديث: 927' وأبو يعلى رقم الحديث: 233' والبزار رقم الحديث: 219' وابن حبان رقم الحديث: 3132'

AlHidayah - الهداية

سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: لَمَّا طُعِنَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَعْوَلَتْ عَلَيْهِ حَفْصَةُ، فَقَالَ عُمَرُ: اَمَا سَمِعْتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمُعْوَلُ عَلَيْهِ يُعَذَّبُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا تو حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا آپ پر رونے لگیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ نے نبی کریم ﷺ کا فرمان نہیں سنا کہ میت پر رونے کی وجہ سے اس کو عذاب دیا جاتا ہے۔

43 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا ذُبْيَانَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُولُ وَهُوَ يَخْطُبُ النَّاسَ: لَا تُلْبِسُوا نِسَاءَكُمُ الْحَرِيرَ فَاِنِّي سَمِعْتُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَبِسَ الْحَرِيرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْآخِرَةِ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ تم عورتوں کو ریشم نہ پہناؤ' کیونکہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی دنیا میں ریشم پہنتا ہے' اس کو آخرت میں ریشم نہیں پہنایا جائے گا۔

44 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنِ ابْنِ الْحَوْتَكِيَّةِ، قَالَ: اُتِيَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالْاَرْنَبِ فَقَالَ: لَوْلَا مَخَافَةُ اَنْ اَزِيدَ اَوْ اَنْقُصَ لَحَدَّثْتُكُمْ

حضرت ابن حوتکیہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس خرگوش لایا گیا' تو آپ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر (مجھے) زیادتی یا کمی کا خوف نہ ہوتا تو میں ضرور اعرابی کی حدیث بیان کرتا' جس وقت وہ (دیہاتی) رسول

والبيهقى جلد4صفحه72 .

43- حديث صحيح من طريق المصنف أخرجه الطحاوى جلد 4صفحه252 . من طريق شعبة عن أبى ذبيان خليفة بن كعب' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 251' والبخارى رقم الحديث: 5834' ومسلم رقم الحديث: 2069' والنسائى رقم الحديث: 5320' وفى الكبرىٰ رقم الحديث: 9585' والبغوى فى الجعديات رقم الحديث: 1411 . من طريق ابن الزبير به أخرجه أحمد رقم الحديث: 123-269' والبخارى رقم الحديث: 5834' والنسائى فى الكبرىٰ رقم الحديث: 9587' انظر السنن الكبرىٰ للنسائى جلد 5 صفحه 465-466' والعلل للدارقطنى جلد2 صفحه106-107 .

44- حديث حسن واسناد المصنف ضعيف لضعف حكيم بن جبير وجهالة بن الحوتكية وتخليط المسعودى وعزاه البوصيرى فى الاتحاف بذيل المطالب رقم الحديث: 3276 للمصنف . من طريق المصنف أخرجه البيهقى جلد9 صفحه321 . من طريق المسعودى' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 210 .

AlHidayah - الهداية

بِحَدِيثِ الْاَعْرَابِيِّ حِينَ اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاَرْنَبِ فَذَكَرَ اَنَّهُ رَاَى بِهَا دَمًا فَاَمَرَهُمْ اَنْ يَاْكُلُوهَا وَقَالَ لِلْاَعْرَابِيِّ: اُدْنُ فَكُلْ ، فَقَالَ: اِنِّي صَائِمٌ فَقَالَ: اَيُّ الصِّيَامِ تَصُومُ؟ فَقَالَ: مِنْ اَوَّلِ الشَّهْرِ وَآخِرِهِ قَالَ: فَاِنْ كُنْتَ صَائِمًا فَصُمِ اللَّيَالِيَ الْبِيضَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَاَرْبَعَ عَشْرَةَ وَخَمْسَ عَشْرَةَ وَلَكِنْ اَرْسِلُوا اِلَى عَمَّارٍ فَاَرْسَلُوا اِلَيْهِ فَجَاءَهُ فَقَالَ: اَشَاهِدٌ اَنْتَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اَتَاهُ الْاَعْرَابِيُّ بِالْاَرْنَبِ فَقَالَ: رَاَيْتُهَا تَدْمَى؟ فَقَالَ عَمَّارٌ: نَعَمْ

اللہ ﷺ کے پاس خرگوش لے کر آیا' اس نے ذکر کیا کہ اس نے اس کا خون دیکھا ہے؟ تو آپ نے اُن کو کھانے کا حکم دیا' اور آپ ﷺ نے اعرابی سے فرمایا: قریب آ ؤ! اس (خرگوش) کو کھاؤ! اس نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں' آپ ﷺ نے فرمایا: تو نے کون سا روزہ رکھا ہوا ہے؟ اس نے کہا: مہینہ کے اوّل اور آخر کے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تو نے روزے رکھنے ہیں تو ایامِ بیض کے روزے رکھ لیا کر' (ایامِ بیض یہ ہیں:) تیرہ' چودہ' پندرہ تاریخ (چاند کی) لیکن آپ لوگ عمار کے پاس جاؤ' ان کو بلا کر لاؤ۔ سو انہوں نے انہیں بھیجا تو وہ (یعنی حضرت عمار رضی اللہ عنہ) آئے تو (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: آپ رسول اللہ ﷺ کے لیے گواہ ہیں جس وقت دیہاتی خرگوش آپ کے پاس لے کر آیا تھا اور اس نے کہا تھا کہ میں نے اس کا خون دیکھا ہے۔ تو انہوں (حضرت عمار رضی اللہ عنہ) نے عرض کی: جی ہاں! (اے امیر المؤمنین! میں اس بات کا گواہ ہوں)۔

45 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُقْبَةَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ دِينَارٍ الْهُذَلِيِّ، عَنْ اَبِي يَزِيدَ الْخَوْلَانِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: شہداء چار قسم کے ہیں' ایک وہ مؤمن جو عمدہ ایمان والا ہو' دشمن سے اس کا

45- اسناده ضعيف لجهالة أبى يزيد الخولانى وعبد الله بن عقبة هو ابن لهيعة وأخرجه عبد بن حميد رقم الحديث: 27' وعلى بن المدينى كما فى التفسير لابن كثير جلد8صفحه49' عن المصنف وقال ابن المدينى: هذا اسناد مصرى صالح - من طريق ابن لهيعة' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 146-150' والترمذى رقم الحديث: 1644' وأبو يعلى رقم الحديث: 252' والبزار رقم الحديث: 246' والطبرانى فى الأوسط رقم الحديث: 361 .

AlHidayah - الهداية

فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ الْاَنْصَارِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الشُّهَدَاءُ اَرْبَعَةٌ فَمُؤْمِنٌ جَيِّدُ الْاِيمَانِ لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللّٰهَ فَقَاتَلَ حَتّٰى يُقْتَلَ فَذٰلِكَ الَّذِي يَرْفَعُ النَّاسُ اِلَيْهِ اَعْيُنَهُمْ - وَرَفَعَ رَاْسَهُ حَتّٰى وَقَعَتْ قَلَنْسُوَةٌ كَانَتْ عَلَى رَاْسِهِ، اَوْ عَلَى رَاْسِ عُمَرَ فَهٰذَا فِي الدَّرَجَةِ الْاُولٰى - وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ جَيِّدُ الْاِيمَانِ اِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ كَاَنَّمَا يَضْرِبُ جِلْدَهُ شَوْكُ الطَّلْحِ مِنَ الْجُبْنِ اَتَاهُ سَهْمُ غَرْبٍ فَقَتَلَهُ فَهٰذَا فِي الدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ، وَرَجُلٌ مُؤْمِنٌ خَلَطَ عَمَلًا صَالِحًا وَآخَرَ سَيِّئًا لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَقَ اللّٰهَ حَتّٰى قُتِلَ فَهٰذَا فِي الدَّرَجَةِ الثَّالِثَةِ، وَرَجُلٌ اَسْرَفَ عَلَى نَفْسِهِ فَلَقِيَ الْعَدُوَّ فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ فَهٰذَا فِي الدَّرَجَةِ الرَّابِعَةِ

آمنا سامنا ہو جائے تو وہ اللہ کے وعدہ کو سچ کر دکھائے' سو وہ (اللہ کی راہ میں) لڑے یہاں تک کہ شہید ہو جائے' سو یہ وہ ہے جس کی طرف لوگ اپنی آنکھیں اور سر اُٹھا کر دیکھیں گے' اور آپ نے اپنا سر انور اُٹھایا یہاں تک کہ وہ ٹوپی گر گئی جو آپ کے سر پر تھی' یا وہ ٹوپی جو حضرت عمر کے سر پر تھی' یہ شہید پہلے درجے میں ہوگا' اور وہ شخص عمدہ ایمان کا مالک ہے جب اس کا آمنا سامنا دشمن سے ہو جائے اور وہ دشمن اس مجاہد کے جسم پر بزدلی دکھاتے ہوئے کیکر کے کانٹے کی طرح حملہ آور ہوا اور ایک اجنبی تیر اس مجاہد کو قتل کر دے تو یہ شہید دوسرے درجے میں ہوگا' اور وہ مرد مؤمن جس کے اچھے اور بُرے عمل دونوں ہوں' دشمن سے اس کا آمنا سامنا ہوا تو اللہ کے وعدہ کو سچ کر دکھائے یہاں تک کہ شہید ہو جائے' سو وہ تیسرے درجہ میں ہوگا' اور وہ شخص جس نے اپنی جان پر ظلم کیا' پھر دشمن سے اس کا آمنا سامنا ہوا تو اس نے لڑائی کی' حتیٰ کہ وہ شہید ہو گیا تو وہ چوتھے درجہ میں ہوگا۔

46 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا خَارِجَةُ بْنُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

46- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف جدًا خارجة بن مصعب متروك . من طريق زيد بن أخرجه الحميدى رقم الحديث: 15' وأحمد رقم الحديث: 166-258-281-384' والبخارى رقم الحديث: 1490-2623-2636' ومسلم رقم الحديث: 1620' والنسائى رقم الحديث: 2615' وابن ماجه رقم الحديث: 2390' وأبو يعلٰى رقم الحديث: 166 وغيرهم . من طريق ابن عمر' عن عمر أخرجه الحميدى رقم الحديث: 16' والترمذى رقم الحديث: 668' والنسائى رقم الحديث: 2615' وابن ماجه رقم الحديث: 2392 . من طريق ابن عمر' أن عمر أخرجه البخارى رقم الحديث: 2971' ومسلم رقم الحديث: 1621' وأبو داؤد رقم الحديث: 1593' والنسائى رقم الحديث: 2616 .

AlHidayah - الهداية

مُصْعَبٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّهُ حَمَلَ عَلَى فَرَسٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَرَآهُ وَقَدْ اَضَاعَهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يُرِيدُ اَنْ يَبِيعَهُ، فَسَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَشْتَرِيَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَشْتَرِهِ وَاِنْ كَانَ بِدِرْهَمٍ فَاِنَّ مَثَلَ الَّذِي يَعُودُ فِي صَدَقَتِهِ كَمَثَلِ الْكَلْبِ يَعُودُ فِي قَيْئِهِ

کہ انہوں نے ایک گھوڑا اللہ کی راہ میں دیا' پس اس کے مالک کو دیکھا کہ وہ اس گھوڑے کو ضائع کر رہا ہے اور اس کا ارادہ تھا کہ اس کو فروخت کر دے تو انہوں (حضرت عمر رضی اللہ عنہ) نے نبی اکرم ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا کہ میں اس کو خرید لوں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اسے نہ خریدو' اگرچہ وہ ایک درہم میں (فروخت) ہو' کیونکہ اس شخص کی مثال جو اپنے صدقہ میں لوٹتا ہے' اس کتے کی طرح ہے جو اپنی قے کر کے چاٹ لیتا ہے۔

47 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُسْلِيِّ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: ضِفْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ: يَا اَشْعَثُ احْفَظْ عَنِّي ثَلَاثًا حَفِظْتُهُنَّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْاَلِ الرَّجُلَ فِيمَا ضَرَبَ امْرَاَتَهُ، وَلَا تَنَامَنَّ اِلَّا عَلَى وِتْرٍ وَنَسِيتُ الثَّالِثَةَ

حضرت اشعث بن قیس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی مہمان نوازی کی' آپ نے فرمایا: اے اشعث! مجھ سے تین باتیں یاد کر لو' میں نے ان تین باتوں کو رسول اللہ ﷺ سے یاد کیا ہے' آدمی سے اس کے متعلق نہیں پوچھا جائے گا کہ تُو نے اپنی بیوی کو کیوں مارا تھا' اور ہرگز وتر پڑھے بغیر نہ سونا' اور تیسری بات میں بھول گیا ہوں۔

48 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سفر کی نماز دو

47- اسناده ضعيف لجهالة عبد الرحمن السلمى أخرجه أحمد رقم الحديث: 122' ومن طريقه المزى فى تهذيب الكمال جلد18صفحه30-31 عن المصنف' به . من طريق يونس بن حبيب عن المصنف به أخرجه البيهقى جلد7صفحه305 . من طريق أبى عوانة' به أخرجه عبد بن حميد رقم الحديث: 37' وأبو داؤد رقم الحديث: 2147' والنسائى فى الكبرٰى رقم الحديث: 9168' وابن ماجه رقم الحديث: 1986' والبزار رقم الحديث: 239' والطحاوى فى المشكل رقم الحديث: 2522' والحاكم جلد4صفحه175 .

48- اسناده منقطع ابن أبى ليلٰى لم يسمع من عمر . من طريق الثورى به ' أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 4278' وأحمد رقم الحديث: 257' والنسائى رقم الحديث: 1565' وفى الكبرٰى رقم الحديث: 1743' وأبو يعلٰى رقم الحديث: 241' وابن حبان رقم الحديث: 2783' والطحاوى جلد1صفحه421' والبيهقى جلد 3صفحه200 .

AlHidayah - الهداية

الثَّوْرِيُّ، عَنْ زُبَيْدٍ الْيَامِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، قَالَ: قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: صَلَاةُ السَّفَرِ رَكْعَتَانِ وَصَلَاةُ اللَّيْلِ رَكْعَتَانِ وَصَلَاةُ الْجُمُعَةِ رَكْعَتَانِ تَمَامٌ غَيْرُ قَصْرٍ عَلَى لِسَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

رکعتیں اور رات کی دو رکعتیں اور جمعہ کی دو رکعتیں مکمل نماز ہے' نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے قصر نہیں بیان ہوئیں۔

49 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَمْرٍو الْبَجَلِيِّ، عَنْ اَحَدِ النَّفَرِ الَّذِينَ اَتَوْا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالُوا: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ جِئْنَا نَسْاَلُكَ عَنْ ثَلَاثِ خِصَالٍ: مَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ مِنِ امْرَاَتِهِ وَهِيَ حَائِضٌ، وَعَنِ الْغُسْلِ مِنَ الْجَنَابَةِ وَعَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ فِي الْبُيُوتِ؟ فَقَالَ عُمَرُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ اَسَحَرَةٌ اَنْتُمْ؟ لَقَدْ سَاَلْتُمُونِي عَنْ شَيْءٍ سَاَلْتُ عَنْهُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا سَاَلَنِي عَنْهُ اَحَدٌ بَعْدُ فَقَالَ: اَمَّا مَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ مِنِ

کچھ لوگوں سے روایت ہے جو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' انہوں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! ہم آپ کے پاس آئے ہیں تاکہ ہم آپ سے تین باتیں پوچھیں' (۱) حالت حیض میں مرد کے لیے بیوی کا کون سا حصہ جائز ہے (فائدہ اُٹھانے کے لیے)؟ اور غسل جنابت کے متعلق اور گھروں میں قرآن پڑھنے کے متعلق۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سبحان اللہ! بے شک تم نے مجھ سے ایسا سوال کیا جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا تھا' آپ سے اس کے بعد کسی نے سوال

من طريق زبيد' به أخرجه ابن أبى شيبة جلد 2صفحه447' وعبد بن حميد رقم الحديث: 29' والنسائى رقم الحديث: 1419-1439' وفى الكبرىٰ رقم الحديث: 1733' وابن ماجه رقم الحديث: 1063' والبزار رقم الحديث: 331' والطحاوى جلد 1صفحه421' وأبو نعيم فى الحلية جلد 4صفحه353-354' وأخبار أصبهان جلد1صفحه190 .

49- اسناده ضعيف لاختلاط المسعودى وجهالة الراوى عن عمر وعزاه البوصيرى فى الاتحاف بذيل المطالب رقم الحديث: 281 للمصنف . من طريق عاصم' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 86' والطحاوى جلد 3 صفحه36-37 . من طريق عاصم أخرجه ابن أبى شيبة جلد 1صفحه64' وعبد الرزاق رقم الحديث: 987-988-1238' وابن ماجه رقم الحديث: 1375' والطحاوى جلد3صفحه37 . من طريق عاصم عن عمير مولى عمر' عن عمر أخرجه ابن ماجه رقم الحديث: 1375' والبيهقى جلد 1 صفحه312 . وعمير: مجهول . وانظر مسند الفاروق رقم الحديث:129 .

AlHidayah - الهداية

امْرَاَتِهٖ وَهِیَ حَائِضٌ فَمَا فَوْقَ الْإِزَارِ وَاَمَّا الْغُسْلُ مِنَ الْجَنَابَةِ فَيَغْسِلُ يَدَهُ وَفَرْجَهُ ثُمَّ يَتَوَضَّأُ وَيُفِيضُ عَلَى رَأْسِهٖ وَجَسَدِهِ الْمَاءَ، وَاَمَّا قِرَاءَةُ الْقُرْآنِ فَنُورٌ فَمَنْ شَاءَ نَوَّرَ بَيْتَهُ

نہیں کیا' فرمایا کہ بہرحال حالت حیض میں آدمی کے لیے جو چیز حلال ہے' وہ یہ ہے کہ آدمی (بیوی کے ساتھ حالت حیض میں) تہبند کے اوپر سے فائدہ اُٹھا سکتا ہے' اور غسل جنابت کا طریقہ یہ ہے کہ آدمی اپنی شرمگاہ اور اپنے ہاتھ کو دھوئے' پھر وضو کرے' اور اپنے سر اور اپنے جسم پر پانی ڈالے' رہی قرآن پاک کی تلاوت کی بات تو وہ نور ہے' جو چاہے اپنے گھروں کو اس سے منور کرے۔

50 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَرْجِسَ، قَالَ: رَاَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَبَّلَ الْحَجَرَ ثُمَّ قَالَ: اِنِّی اُقَبِّلُكَ وَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ وَلَوْلَا اَنِّی رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ مَا قَبَّلْتُكَ

حضرت عبداللہ بن سرجس فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ انہوں نے حجر اسود کو بوسہ دیا' پھر حجر اسود کو مخاطب کر کے کہا کہ میں نے تیرا بوسہ لیا' میں جانتا ہوں کہ تُو پتھر ہے' اور اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں تیرا کبھی بوسہ نہ لیتا۔

51 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

50- حديث صحيح من طريق شعبة به أخرجه أحمد رقم الحديث: 361' من طريق عاصم به أخرجه الحميدى رقم الحديث: 9' وأحمد رقم الحديث: 229' ومسلم رقم الحديث: 1270' والنسائى فى الكبرى رقم الحديث: 3918' وابن ماجه رقم الحديث: 2943' والبزار رقم الحديث: 250 .

51- اسناده حسن لحال بكر بن عمرو . وأخرجه ابن المبارك فى الزهد رقم الحديث: 559' ومن طريقه الترمذى رقم الحديث: 2344 والنسائى فى الكبرى كما فى تحفة الأشراف جلد 8صفحه79' وأبو نعيم فى الحلية جلد 10 صفحه 69 والبغوى فى شرح السنة رقم الحديث: 4108 . وقال الترمذى حسن صحيح . من طريقة حيوة بن شريح' به أخرجه عبد بن حميد رقم الحديث: 10' وأحمد رقم الحديث: 205' وأبو يعلى رقم الحديث: 247' وابن حبان رقم الحديث: 730' والحاكم جلد 4صفحه318' وأبو نعيم فى الحلية جلد10صفحه69' وصححه الحاكم' وأقره الذهبى . أخرجه البزار رقم الحديث: 340' وفيه: حيوة عن أبى هبيرة عن بكر بن عمرو عن أبى تميم الجيشانى . وهو مقلوب . قال البزار وأحسب أن بكر بن عمرو لم يسمع من أبى تميم .

الْمُبَارَكِ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ أَبِي تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَوْ تَتَوَكَّلُونَ عَلَى اللّٰهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ تَغْدُو خِمَاصًا وَتَرُوحُ بِطَانًا

میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: اگر تم اللہ کی ذات پر ایسے ہی بھروسہ کرو جس طرح پرندے بھروسہ کرتے ہیں تو تمہیں بھی اللہ رزق عطا فرمائے گا جس طرح پرندوں کو عطا کرتا ہے' وہ اپنے گھونسلوں میں خالی پیٹ صبح کرتے ہیں' اور شام کو پیٹ بھر کر واپس آتے ہیں۔

52 ـ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ، قَالَ: بَيْنَمَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَقَالَ عُمَرُ: لِمَ تَحْتَبِسُونَ عَنِ الْجُمُعَةِ؟ فَقَالَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ سَمِعْتُ النِّدَاءَ فَتَوَضَّأْتُ ثُمَّ أَقْبَلْتُ فَقَالَ: وَالْوُضُوءَ أَيْضًا؟ أَوَلَمْ تَسْمَعُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا رَاحَ أَحَدُكُمْ إِلَى الْجُمُعَةِ فَلْيَغْتَسِلْ؟

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جمعۃ المبارک کا خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ اچانک ایک آدمی (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ) آئے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جمعہ کا خیال کیوں نہیں کرتے ہو؟ (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے) عرض کی: اے امیرالمؤمنین! جیسے ہی اذان ہوئی میں نے وضو کیا پھر فوراً آ گیا' فرمایا: کیا وضو ہی کیا' کیا تم لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد نہیں سنا کہ جب تم میں سے کوئی جمعہ کے لیے آئے تو اس کو غسل کرنا چاہیے۔

53 ـ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جمعہ کے دن خطبہ ارشاد

من طريق ابن لهيعة عن ابن هبيرة ' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 370-373' وابن ماجه رقم الحديث: 4164 .

52- حديث صحيح من طريق حرب بن شداد' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 319' والبزار رقم الحديث: 218' من طريق يحيى بن أبي كثير' به أخرجه ابن أبي شيبة جلد 2صفحه93' وأحمد 91-320' والبخاري رقم الحديث: 882' ومسلم رقم الحديث: 845' وأبو داؤد رقم الحديث: 340' وأبو يعلى رقم الحديث: 258' وابن خزيمة رقم الحديث: 1748' والطحاوي جلد 1صفحه115' ورواه ابن عمر عن عمر . أخرجه أحمد رقم الحديث: 199-312' والبخاري رقم الحديث: 878' ومسلم رقم الحديث: 845 وغيرهم .

53- حديث صحيح من طريق المصنف' مختصرًا أخرجه البيهقي جلد 3صفحه78 . من طريق هشام به مطولًا

قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِی طَلْحَةَ، قَالَ: خَطَبَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَذَكَرَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ، ثُمَّ قَالَ: اِنِّی رَاَيْتُ فِی الْمَنَامِ كَاَنَّ دِيكًا نَقَرَنِی نَقْرَةً اَوْ نَقْرَتَيْنِ وَاِنِّی لَا اُرَاهُ اِلَّا لِحُضُورِ اَجَلِی وَاِنَّ قَوْمًا يَاْمُرُونِی اَنْ اَسْتَخْلِفَ وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَكُنْ لِيُضَيِّعَ دِينَهُ وَلَا خِلَافَتَهُ وَالَّذِی بَعَثَ بِهِ نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنْ عَجِلَ بِی اَمْرٌ فَالْخِلَافَةُ بَيْنَ هَؤُلَاءِ الرَّهْطِ السِّتَّةِ الَّذِينَ فَارَقُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَنْهُمْ رَاضٍ وَاِنِّی لَا اَدَعُ بَعْدِی شَیْءً ا هُوَ اَهَمُّ اِلَیَّ مِنَ الْكَلَالَةِ وَمَا نَازَعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ صَحِبْتُهُ مَا نَازَعْتُهُ فِی شَیْءٍ فِی الْكَلَالَةِ وَمَا اَغْلَظَ لِی فِی شَیْءٍ مُنْذُ صَحِبْتُهُ مَا اَغْلَظَ لِی فِی الْكَلَالَةِ حَتّٰى ضَرَبَ بِيَدِهِ قِبَلَ صَدْرِی وَقَالَ: يَا عُمَرُ اِنَّمَا يَكْفِيكَ آيَةُ الصَّيْفِ الَّتِی اُنْزِلَتْ فِی آخِرِ سُورَةِ النِّسَاءِ، ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ تَاْكُلُونَ مِنْ شَجَرَتَيْنِ لَا اُرَاهُمَا اِلَّا خَبِيثَتَيْنِ هَذَا الْبَصَلُ وَالثُّومُ، وَلَقَدْ كُنْتُ اَرَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَجَدَ رِيحَهُمَا مِنَ الرَّجُلِ اَمَرَ بِهِ

فرمایا تو اس خطبہ میں نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا' پھر فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک مرغا مجھے ٹھونگے مار رہا ہے' ایک ٹھونگا یا دو' اور میرا خیال ہے کہ میری موت قریب ہے اور میری قوم مجھ کو حکم دیتی ہے کہ میں خلیفہ مقرر کروں' بے شک اللہ عزوجل اس دین اور اس خلافت کو ضائع کرنے والا نہیں ہے' وہ ذات جس نے اپنے نبی ﷺ کو اس کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے' اگر مجھ سے اس معاملہ میں جلدی چاہتے ہو تو خلافت کا معاملہ ان چار افراد کے درمیان طے کر لینا کیونکہ جب رسول اللہ ﷺ اس دنیا سے تشریف لے گئے تھے تو آپ ان سے راضی تھے' اور بلاشبہ میں اپنے بعد کسی اہم مسئلہ کو نہیں چھوڑ کر جا رہا ہوں سوائے کلالہ کے' اور میں رسول اللہ ﷺ سے کسی مسئلہ میں نہیں جھگڑا جب تک میں آپ کی صحبت میں رہا سوائے کلالہ کے' مجھ پر کسی قسم کی سختی نہیں کی گئی' جتنی سختی مسئلہ کلالہ کے مسئلہ میں کی گئی ہے' یہاں تک کہ آپ نے اپنا دست مبارک میرے سینہ کی طرف جانب مارا اور فرمایا: اے عمر! تجھ کو گرمی والی سورۃ کافی ہے جو سورۂ نساء کے آخر میں نازل ہوئی ہے' پھر فرمایا: اے لوگو! بے شک تم ان دونوں درختوں سے کھاتے

ومختصرًا أخرجه أحمد رقم الحديث: 186' ومسلم رقم الحديث: 567-1617' والنسائی رقم الحديث: 707' وفی الكبرىٰ رقم الحديث: 11135' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 184' والبزار رقم الحديث: 314 ۔ من طريق قتادة' بـه أخرجه الحميدی رقم الحديث: 10-29' وأحمد رقم الحديث: 89-179-341' ومسلم رقم الحديث: 567-1617' والنسائی فی الكبرىٰ رقم الحديث: 6682' وابن ماجه رقم الحديث: 1014-2726-3363' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 256' والبزار رقم الحديث: 315' وابن خزيمة رقم الحديث: 1666 ۔

AlHidayah - الهداية

فَاُخْرِجَ اِلَى الْبَقِيعِ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ آكِلَهُمَا لَا بُدَّ فَلْيُمِتْهُمَا طَبْخًا

ہو' یہ دونوں خبیث ہیں' یعنی پیاز اور لہسن' اور بلاشبہ میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھا تھا کہ جب آپ ان کی کسی آدمی سے بدبو پاتے تھے تو آپ اس کے متعلق حکم دیتے تھے کہ اس کو بقیع کی طرف نکال دیا جائے' سو تم میں سے جس نے اس کو کھانا ہو' وہ ان کو پکا کر کھائے۔

54 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي فِرَاسٍ، قَالَ: خَطَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: اَلَا فَمَنْ ظَلَمَهُ اَمِيرُهُ فَلْيَرْفَعْ ذَلِكَ اِلَيَّ اُقِيدُ مِنْهُ، فَقَامَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ لَئِنْ اَدَّبَ رَجُلٌ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ رَعِيَّتِهِ لَتُقِصُّهُ مِنْهُ؟ قَالَ: كَيْفَ لَا اُقِصُّهُ مِنْهُ وَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقِصُّ مِنْ نَفْسِهِ

حضرت ابوفراس فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا تو ارشاد فرمایا: خبردار! جس کا امیر اس پر ظلم کرے وہ مجھے اس بارے بتائے' میں اس کو بدلا دلاؤں گا۔ تو حضرت عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے' عرض کی: اے امیرالمؤمنین! اگر کوئی امیر اپنی رعیت کو ادب سکھانے کے لیے مارے' تو آپ اس کا اس سے بھی بدلہ دلائیں گے؟ آپ نے فرمایا: کیسے میں اس کو اس سے بدلہ نہ دلاؤں گا' حالانکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا کہ آپ اپنے آپ سے بدلہ دلا رہے تھے۔

55 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا اَبُو يَحْيَى الْمَكِّيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو خطبہ ارشاد فرماتے سنا: جس

-54 حديث حسن واسناد المصنف ضعيف لجهالة شيخ المصنف . من طرق عن الجريرى به أخرجه أحمد رقم الحديث: 286' وأبو داؤد رقم الحديث: 4537' والنسائى رقم الحديث: 4791' وأبو يعلى رقم الحديث: 196' وابن عبد الحكم فى فتوح مصر رقم الحديث: 167' والحاكم جلد4صفحه439' والبيهقى جلد9صفحه29-42' ورواه ابن المدينى كما فى مسند الفاروق جلد2صفحه544 .

-55 اسناده ضعيف لجهالة أبى يحيى . من طريق القواريرى عن الهيثم' به أخرجه الاسماعيلى كما فى مسند الفاروق جلد1صفحه348' ورواه جماعة عن الهيثم عن أبى يحيى عن فروخ مولى عثمان عن عمر . أخرجه عبد بن حميد رقم الحديث: 17' وأحمد رقم الحديث: 135' وابن ماجه رقم الحديث: 2155' والبيهقى فى الدلائل جلد6صفحه246' وابن الجوزى فى العلل المتناهية جلد2صفحه116-117 .

AlHidayah - الهداية

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ وَهُوَ يَقُولُ: مَنِ احْتَكَرَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ طَعَامَهُمْ ابْتَلَاهُ اللّٰهُ بِالْجُذَامِ اَوْ قَالَ: بِالْإِفْلَاسِ

نے مسلمانوں پر ذخیرہ اندوزی کی' اللہ عزوجل اس کو کوڑھ اور تنگدستی کے عذاب میں مبتلا کرے گا۔

57,56 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَخْطُبُ فَذَكَرَ مَا فُتِحَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْتَوِى يَوْمَهُ مِنَ الْجُوعِ مَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَأُ بِهِ بَطْنَهُ

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا' آپ نے لوگوں پر فتوحات کا ذکر کیا تو فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا' ایک دن آپ کو شدید بھوک لگی ہوئی تھی' آپ ردّی کھجور بھی نہیں پاتے تھے کہ جس کے ساتھ آپ اپنے پیٹ کو بھر سکیں۔

58 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ

حضرت صبی بن معبد فرماتے ہیں کہ انہوں نے حج

57,56- حديث صحيح . من طريق شعبة' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 159-353' وعبد بن حميد رقم الحديث: 22' ومسلم رقم الحديث: 2978' وابن ماجه رقم الحديث: 4146' والبزار رقم الحديث: 237' وأبو يعلى رقم الحديث: 183-223' والطبرى فى مسند عمر من تهذيب الآثار رقم الحديث: 692' وابن حبان رقم الحديث: 6342 . وقال البزار: وهذا الحديث لا نعلمه يروى عن عمر الا من هذا الوجه وانما قال شعبة فيه: عن سماك عن النعمان عن عمر . ورواه غير واحد عن النعمان بن بشير' عن النبى صلى الله عليه وآله وسلم . حديث النعمان من طرق سماك' به أخرجه ابن أبى شيبة رقم الحديث: 16169' وأحمد رقم الحديث: 18383' ومسلم رقم الحديث: 2977' والترمذى رقم الحديث: 2372' والطبرى صفحه693' وابن حبان رقم الحديث: 6340-6341 .

58- حديث صحيح من طرق عن الأعمش' ومنصور به أخرجه الطحاوى جلد 2صفحه145 . من طريق المصنف' عن منصور وحده . أخرجه الطحاوى جلد 2صفحه145 . من طريق الأعمش به أخرجه أحمد رقم الحديث: 254' وابن ماجه رقم الحديث: 2970' والطحاوى جلد 2صفحه145' والبيهقى جلد 4صفحه352 . من طريق منصور' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 256' وأبو داؤد رقم الحديث: 1798-1799' والنسائى رقم الحديث: 2718-2719' والطحاوى جلد 2 صفحه 145' وابن خزيمة رقم الحديث: 3069' والبيهقى جلد 4صفحه354 . من طريق أبى وائل' أخرجه الحميدى رقم الحديث: 18' وأحمد رقم الحديث: 169-227' والنسائى رقم

الْاَعْمَشِ، وَمَنْصُورٍ، عَنْ اَبِی وَائِلٍ، عَنِ الصُّبَیِّ بْنِ مَعْبَدٍ، اَنَّهُ اَهَلَّ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ جَمِیعًا فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِعُمَرَ فَقَالَ: هُدِیتَ لِسُنَّةِ نَبِیِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

اور عمرہ کا اکٹھا احرام باندھا' یہ بات حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بتائی گئی تو آپ نے فرمایا: تجھے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی ہدایت دی گئی ہے۔

59 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنِی الْحَكَمُ، عَنْ اَبِی وَائِلٍ، اَنَّ الصُّبَیَّ بْنَ مَعْبَدٍ كَانَ نَصْرَانِیًّا تَغْلِبِیًّا اَعْرَابِیًّا، فَاَسْلَمَ فَسَاَلَ: اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ؟ فَقِیلَ لَهُ: الْجِهَادُ فِی سَبِیلِ اللّٰهِ فَاَرَادَ اَنْ یُجَاهِدَ فَقِیلَ لَهُ: اَحَجَجْتَ؟ فَقَالَ: لَا فَقِیلَ لَهُ: حُجَّ وَاعْتَمِرْ ثُمَّ جَاهِدْ فَانْطَلَقَ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالْحَوَائِطِ اَهَلَّ بِهِمَا جَمِیعًا فَرَآهُ زَیْدُ بْنُ صُوحَانَ وَسَلْمَانُ بْنُ رَبِیعَةَ فَقَالَا: لَهُوَ اَضَلُّ مِنْ جَمَلِهِ اَوْ مَا هُوَ بِاَهْدٰى مِنْ نَاقَتِهِ فَانْطَلَقَ اِلٰى عُمَرَ فَاَخْبَرَهُ بِقَوْلِهِمَا فَقَالَ: هُدِیتَ لِسُنَّةِ نَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو وائل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت صبی بن معبد نصرانی تغلبی دیہاتی آدمی تھے' سو مسلمان ہو گئے' تو انہوں نے پوچھا: کون سا عمل افضل ہے؟ ان سے کہا گیا کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنا' تو انہوں نے جہاد کا ارادہ کیا' ان سے کہا گیا: کیا آپ نے حج کیا ہے؟ (حضرت معبد نے) کہا کہ نہیں! سو اُن کو کہا گیا: حج اور عمرہ کرو پھر جہاد کرنا' سو وہ حج کے لیے چلے' حتیٰ کہ جب حواط پر پہنچے تو انہوں نے حج اور عمرہ کا اکٹھا احرام باندھا تو اُن کو حضرت زید بن صوحان اور سلیمان بن ربیعہ نے ایسی حالت میں دیکھا' ان دونوں نے کہا کہ یہ تو اپنے اونٹ سے بھی زیادہ جاہل ہے' یا کہا کہ یہ تو اونٹنی سے بھی زیادہ سمجھدار نہیں' پس وہ حضرت عمر کے پاس آئے اور انہیں ان دونوں کے قول کے متعلق بتایا' تو انہوں (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: تیری اپنے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت کی رہنمائی کی گئی ہے۔

60 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تین چیزوں

الحدیث: 2720' وابن ماجه رقم الحدیث: 2970' وابن حبان رقم الحدیث: 3910-3911' والطحاوی جلد2صفحه145' والبیهقی جلد5صفحه16 .

59- حدیث صحیح من طریق شعبة' به أخرجه أحمد رقم الحدیث: 83-379' والطحاوی جلد2صفحه145'

60- حدیث صحیح واسناد المصنف منقطع مرة لم یسمع من عمر . من طریق المصنف أخرجه البیهقی جلد 6 صفحه 225 . من طریق عمرو بن مرة به . وصححه الحاکم ووافقه الذهبی أخرجه عبد الرزاق رقم

AlHidayah - الهداية

عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، سَمِعَ مُرَّةَ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: ثَلَاثٌ لَأَنْ يَكُونُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيَّنَهُنَّ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ: الْخِلَافَةُ وَالْكَلَالَةُ وَالرِّبَا، فَقُلْتُ لِمُرَّةَ: وَمَنْ يَشُكُّ فِي الْكَلَالَةِ هُوَ مَا دُونَ الْوَلَدِ وَالْوَالِدِ قَالَ: إِنَّهُمْ يَشُكُّونَ فِي الْوَالِدِ

کے متعلق سوال کرنا مجھے سرخ اونٹ صدقہ کرنے سے زیادہ محبوب ہے' (۱) خلافت (۲) کلالہ (۳) اور ربا (سود کے متعلق)۔ میں نے مرہ سے کہا: کلالہ میں کون شک کرتا ہے؟ (کلالہ) وہ ہے جس کا نہ بیٹا ہو نہ باپ۔ کہا کہ وہ باپ کے (نہ ہونے) بارے شک کرتے تھے۔

61 ـــ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الْبَخْتَرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ حَدِيثًا مِنْ رَجُلٍ فَأَعْجَبَنِي فَاشْتَهَيْتُ أَنْ أَكْتُبَهُ فَقُلْتُ: اكْتُبْهُ لِي فَأَتَانِي بِهِ مَكْتُوبًا مُزَبَّرًا، قَالَ: دَخَلَ الْعَبَّاسُ، وَعَلِيٌّ عَلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَهُمَا يَخْتَصِمَانِ قَالَ: وَعِنْدَ عُمَرَ، طَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ، وَسَعْدٌ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ فَقَالَ لَهُمْ عُمَرُ: أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ أَوَلَمْ تَعْلَمُوا أَوَلَمْ

حضرت ابوبختری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک آدمی سے حدیث سنی' تو مجھے پسند آئی' سو میں نے چاہا کہ اس کو لکھ لوں' میں نے کہا: اس کو میرے لیے لکھ دو' پس میں اس کے پاس ایک بند خط لایا' کہا کہ حضرت عباس و مولا علی رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور وہ دونوں جھگڑ رہے تھے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس حضرت طلحہ و زبیر و سعد و عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہم تھے' ان کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

الحديث: 19184' وابن ماجه رقم الحديث: 2727' وابن جرير في التفسير جلد6صفحه43' والحاكم جلد 2صفحه304 . وروى الحديث من طريق محمد بن طلحة عن عمر في الكلالة والخلافة . أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 19185 . من طريق ابن عمر عن أبيه من غير ذكر الخلافة أخرجه البخاري رقم الحديث: 5588' ومسلم رقم الحديث: 3032' وأبو داؤد رقم الحديث: 3669' والبيهقي جلد6صفحه245 .

61- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف لجهالة الراوي عن عمر وأبو البختري سعيد بن فيروز ثقة كثير الارسال . من طريق المصنف أخرجه البيهقي جلد6صفحه299 . من طريق شعبة' به أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 2975 . والحديث مشهور من رواية مالك بن أوس بن الحدثان عن عمر من طريق مالك ابن أوس مطولًا ومختصرًا أخرجه الحميدي رقم الحديث: 22' وأحمد رقم الحديث: 337-349-425' ومسلم رقم الحديث: 1757' وأبو داؤد رقم الحديث: 2963-2967' والترمذي رقم الحديث: 1610' والنسائي رقم الحديث: 4159 .

AlHidayah - الهداية

تَسْمَعُوا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ كُلَّ مَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَةٌ اِلَّا مَا اَطْعَمَهُ اَهْلَهُ اَوْ كَسَاهُمْ اِنَّا لَا نُورَثُ؟ فَقَالُوا: بَلٰى فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْفِقُ مِنْ مَالِهِ عَلٰى اَهْلِهِ وَيَتَصَدَّقُ بِفَضْلِهِ

میں تم کو اللہ کی قسم دیتا ہوں' کیا تم نہیں جانتے' یا کیا تم نے سنا نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر مال صدقہ ہے مگر جو انہوں نے اپنے اہل خانہ کو کھلایا یا پہنایا' ہم کسی کو وارث نہیں بناتے ہیں؟ ان سب نے کہا: کیوں نہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے مال سے اپنے خاندان پر خرچ کرتے تھے اور باقی کو صدقہ کرتے تھے۔

63,62 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ مَيْمُونٍ، يَقُولُ: شَهِدْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِجَمْعٍ بَعْدَمَا صَلَّى الصُّبْحَ وَقَفَ فَقَالَ: اِنَّ الْمُشْرِكِينَ كَانُوا لَا يُفِيضُونَ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَيَقُولُونَ: اَشْرِقْ ثَبِيرُ وَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالَفَهُمْ فَاَفَاضَ عُمَرُ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ

حضرت عمرو بن میمون رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس مزدلفہ میں موجود تھا' صبح کی نماز کے بعد آپ ٹھہرے' پس فرمایا: بے شک مشرکین سورج کے طلوع ہونے سے پہلے نہیں لوٹتے تھے' وہ کہتے تھے: (کوہ) ثبیر روشن ہو' اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی مخالفت کرتے' سو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی سورج طلوع ہونے سے پہلے لوٹ جاتے تھے۔

64 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ

حضرت ابوعجفاء السلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

63,62-حدیث صحیح من طریق المصنف أخرجه أحمد رقم الحدیث:358' والترمذی رقم الحدیث: 896' وأبو نعیم فی الحلیة جلد4صفحه150' والبیهقی جلد5صفحه124' وقال الترمذی: حسن صحیح ۔ من طریق أبی اسحاق' بـه أخرجه أحمد رقم الحدیث: 200-275-295-385' والبخاری رقم الحدیث: 3838' وأبو داؤد رقم الحدیث: 1938 ۔ من طریق شعبة' به أخرجه أحمد رقم الحدیث: 84' والبخاری رقم الحدیث: 1684' والنسائی رقم الحدیث: 3047 ۔

64- حدیث صحیح وأبو الجعفاء ثقة' وثقه ابن معین' والدارقطنی' وابن حبان' والحاکم أبو عبد الله ۔ وقال البخاری: فی حدیثه نظر وقال أبو أحمد الحاکم: حدیثه لیس بالقائم ۔ أخرجه عبد الرزاق رقم الحدیث: 10399-10400' والحمیدی رقم الحدیث: 23' وابن أبی شیبة جلد 4صفحه187-188' وسعید بن منصور رقم الحدیث: 595-596' وأحمد رقم الحدیث: 287-340' وأبو داؤد رقم الحدیث: 2106' والترمذی رقم الحدیث: 1114' والنسائی رقم الحدیث: 3349' وابن ماجه رقم الحدیث: 1887' وابن حبان رقم

AlHidayah - الهداية

الرَّحْمَنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَبِي الْعَجْفَاءِ السُّلَمِيِّ، قَالَ: خَطَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَقَالَ: أَلَا لَا تُغْلُوا صُدُقَ النِّسَاءِ فَإِنَّهَا لَوْ كَانَتْ مَكْرُمَةً فِي الدُّنْيَا وَتَقْوَى عِنْدَ اللَّهِ كَانَ أَوْلَاكُمْ بِهَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا زَوَّجَ أَحَدًا مِنْ بَنَاتِهِ وَلَا تَزَوَّجَ أَحَدًا مِنْ نِسَائِهِ بِأَكْثَرَ مِنْ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ أُوقِيَّةً إِنَّ أَحَدَكُمْ لَيُغْلِي صَدَقَةَ الْمَرْأَةِ حَتَّى يَكُونَ فِدَاؤُهُ لَهَا فَيَقُولُ: قَدْ كَلِفْتُ لَكِ عَلَقَ الْقِرْبَةِ، أَوْ قَالَ: عَرَقَ الْقِرْبَةِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیا' فرمایا: خبردار! عورتوں کے حق مہر میں غلو نہ کرو' کیونکہ اگر یہ دنیا میں عزت والا ہوتا تو اللہ کے ہاں بھی تقویٰ والا ہوتا' تم میں سے سب سے زیادہ حق دار حضرت محمد ﷺ کی ذات ہوتی' آپ نے کسی عورت سے شادی نہیں کی' نہ اپنی بیٹی کی مگر اُن کا حق مہر بارہ اوقیہ سے زیادہ نہ ہوتا تھا' بے شک تم میں کوئی عورت کے حق مہر میں غلو کرتا ہے یہاں تک کہ اس کا وہ مہر مقرر کر دیتا ہے' وہ کہتا ہے کہ میں اس عورت کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہوں۔

65 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ مَيْمُونٍ أَبُو الْجَرَّاحِ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَجُلٌ مِنْ آلِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ زَارَ قَبْرِي أَوْ قَالَ: مَنْ زَارَنِي كُنْتُ لَهُ شَفِيعًا أَوْ شَهِيدًا وَمَنْ مَاتَ فِي أَحَدِ الْحَرَمَيْنِ بَعَثَهُ اللَّهُ فِي الْآمِنِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جس نے میری قبر کی زیارت کی' یا یہ فرمایا: جس نے میری زیارت کی' میں اس کا سفارشی ہوں گا' یا اس کا گواہ ہوں گا اور جو کوئی حرمین میں کسی ایک جگہ فوت ہوا تو اللہ عزوجل اس کو قیامت کے دن امن والوں میں سے اُٹھائے گا۔

66 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ،

حضرت جویریہ بن قدامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الحديث: 4620 وغيرهم .

65- اسناده ضعيف جدًا شيخ المصنف والراوى عن عمر مجهولان وعزاه الحافظ فى المطالب رقم الحديث: 1415 للمصنف . من طريق المصنف أخرجه البيهقى جلد5صفحه245' وأورده العقيلى فى الضعفاء جلد4صفحه362' والسيوطى فى الآلى جلد2صفحه129' والشوكانى فى الفوائد المجموعة رقم الحديث: 117 .

66- حديث صحيح وهو جزء من حديث طويل فى قصة قتل عمر رضى الله عنه . من طريق شعبة' به مطولًا ومختصرًا . أخرجه ابن أبى شيبة جلد 14صفحه581' وابن سعد جلد 3صفحه336-337' وأحمد رقم الحديث: 362-363' والبخارى رقم الحديث: 3162' وعمر بن شبة فى تاريخ المدينة جلد 3صفحه936-937' والبغوى فى الجعديات رقم الحديث: 1290' والبيهقى جلد 9صفحه206' ورواه عمرو بن ميمون عن عمر .

AlHidayah - الهداية

قَالَ:اَخْبَرَنِی اَبُو جَمْرَةَ، قَالَ:سَمِعْتُ جُوَيْرِيَةَ بْنَ قُدَامَةَ، يَقُولُ:قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَدَخَلْتُ عَلَى عُمَرَ حِينَ طُعِنَ فَقَالَ:اُوصِيكُمْ بِاَهْلِ الذِّمَّةِ فَاِنَّهُمْ ذِمَّةُ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

میں مدینہ شریف آیا تو میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آیا جس وقت آپ کو نیزہ مارا گیا تھا' آپ نے فرمایا: میں تم کو اہل ذمہ کے متعلق وصیت کرتا ہوں' کیونکہ وہ تمہارے نبی ﷺ کے ذمہ ہیں۔

67 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ:حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، قَالَ:سَمِعْتُ طَارِقَ بْنَ شِهَابٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِی مُوسَى، قَالَ:قَالَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ:اِنْ نَاْخُذْ بِكِتَابِ اللّٰهِ تَعَالَى فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَرَ بِالتَّمَامِ، وَاِنْ نَاْخُذْ بِسُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ يَحِلَّ حَتَّى بَلَغَ الْهَدْىُ مَحِلَّهُ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم اللہ تعالیٰ کی کتاب کا حکم لیں تو اللہ عزوجل حکم دیتا ہے مکمل کرنے کا' اور اگر ہم رسول اللہ ﷺ کی سنت کو لیں تو بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس وقت تک احرام نہ کھولو یہاں تک کہ قربانی اپنی جگہ پہنچ جائے۔

68 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ:حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی ذِئْبٍ،

حضرت نافع' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے

أخرجه ابن أبی شيبة جلد14 صفحه574-578' وأبو عبيد فی الأموال رقم الحديث: 334-569' وابن زنجويه فی الأموال رقم الحديث: 519-832' والبخاری رقم الحديث: 3700' وابن حبان رقم الحديث: 6917' والبيهقی جلد9صفحه206' وغيرهم مطولًا ومختصرًا .

67- حديث صحيح . من طريق المصنف أخرجه البيهقی جلد 4صفحه339 . من طريق شعبة' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 19552' والدارمی رقم الحديث: 1822' والبخاری رقم الحديث: 1565-1724' ومسلم رقم الحديث: 1221' والنسائی رقم الحديث: 2741' والبزار رقم الحديث: 228' والبيهقی جلد 2صفحه36 . من طريق قيس بن مسلم' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 273-19523-19686' والبخاری رقم الحديث: 1559' ومسلم رقم الحديث: 1221' والنسائی رقم الحديث: 2737' والبيهقی جلد5صفحه20 .

68- حديث صحيح . من طريق المصنف أخرجه البيهقی جلد 7صفحه326 . من طريق يزيد بن هارون' عن ابن أبی ذئب' به أخرجه ابن النجاد فی مسند عمر رقم الحديث: 1 . من طريق يزيد بن هارون عن ابن اسحاق وابن أبی ذئب' عن نافع' به أخرجه الدارقطنی جلد 4صفحه9 . وأخرجه ابن وهب فی مسنده كما فی الفتح جلد 9 صفحه353 . من طريق نافع' به أخرجه مالك جلد2صفحه576' وعبد الرزاق رقم الحديث: 10952' وأحمد رقم

AlHidayah - الهداية

عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَاَتَى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَجَعَلَهَا وَاحِدَةً

روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی بیوی کو حالتِ حیض میں طلاق دے دی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آئے' آپ سے اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ اس کو ایک ہی (طلاق) رکھا۔

69 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ بُدَيْلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّهُ كَانَ عَلَيَّ نَذْرٌ اَنْ اَعْتَكِفَ لَيْلَةً فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَكَيْفَ تَقُولُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اعْتَكِفْ وَصُمْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھ پر نذر ہے میں نے جاہلیت میں اعتکاف کی نذر مانی تھی' آپ اس کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اعتکاف کرو اور روزہ رکھو۔

70,71 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَّامٌ،

حضرت سیار بن معرور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

الحديث: 5299' والبخاري رقم الحديث: 5251' وأبو داؤد رقم الحديث: 2179' والنسائي رقم الحديث: 3390' وابن حبان رقم الحديث: 4263' والبيهقي جلد7صفحه323-414 .

69- الحديث بهذا اللفظ منكر و عبد الله بن بديل ضعيف . من طريق المصنف أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 2474' وابن عدى جلد 4صفحه1529 . من طريق ابن بديل' به أخرجه الدارقطني جلد 2صفحه200' والحاكم جلد 1صفحه439 . من طريق ابن بديل' به وفيه: عن عمر أخرجه ابن عدى جلد 4صفحه1530' والدارقطني جلد2صفحه200' والبيهقي جلد4صفحه316' والحديث من غير ذكر الصوم ثابت . من طريق نافع' به أخرجه البخاري رقم الحديث: 2032' ومسلم رقم الحديث: 1277' وأبو داؤد رقم الحديث: 3325' والترمذي رقم الحديث: 1539' والنسائي رقم الحديث: 3831' وابن الجارود رقم الحديث: 941' والدارقطني جلد 2 صفحه198-199 .

70,71- اسناده ضعيف لجهالة سيار بن المعرور وعزاه الحافظ في المطالب 45/470 للمصنف . من طريق المصنف أخرجه أحمد رقم الحديث: 217' والبيهقي جلد 3صفحه182-183' وأورده ابن كثير في مسند الفاروق جلد2صفحه208' عن الامام أحمد وقال: ورواه عن ابن المديني عن أبي داود الطيالسي عن أبي الأحوص عن سماك به . وروى عن عمر من غير هذا الوجه . من طريق الأعمش عن المسيب بن رافع عن زيد بن وهب عن عمر أخرجه ابن أبي شيبة جلد1 صفحه26' وابن حزم في المحلى جلد4صفحه114-115 .

AlHidayah - الهداية

عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ سَيَّارِ بْنِ الْمَعْرُورِ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَخْطُبُ وَهُوَ يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنَى هَذَا الْمَسْجِدَ وَنَحْنُ مَعَهُ وَالْمُهَاجِرُونَ وَالْاَنْصَارُ فَإِذَا اشْتَدَّ الزِّحَامُ فَلْيَسْجُدِ الرَّجُلُ مِنْكُمْ عَلَى ظَهْرِ اَخِيهِ

میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے سنا' آپ فرما رہے تھے: اے لوگو! بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ مسجد بنائی اور ہم آپ کے ساتھ تھے' اور مہاجرین و انصار بھی تھے' سو جب رش زیادہ ہو جائے تو تم میں سے کوئی آدمی اپنے بھائی کی پیٹھ پر سجدہ کر لے۔

5- اَحَادِيثُ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ بْنِ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عثمان بن عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس رضی اللہ عنہ کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کردہ احادیث

72 — حَدَّثَنَا يُونُسُ، حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ

حضرت ابوامامہ سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے

72- حديث صحيح . من طريق المصنف أخرجه البيهقي جلد 8صفحه18-19 . من طريق عفان' في آخرين عن حماد بن زيد به أخرجه أحمد رقم الحديث: 437-468-509' والدارمي رقم الحديث: 2302' وأبو داؤد رقم الحديث: 4502' والترمذى رقم الحديث: 2158' وابن ماجه رقم الحديث: 2533' وابن أبى عاصم فى الأحاد والمثانى رقم الحديث: 149' وعمر ابن شبة فى تاريخ المدينة جلد4صفحه1186' والبزار رقم الحديث: 381' وابن الجارود رقم الحديث: 836' والطحاوى فى المشكل رقم الحديث: 1802' وابن عساكر فى تاريخ دمشق (صفحه 351 ترجمة عثمان) وغيرهم . وقال الترمذى: حسن . ورواه محمد بن عيسى بن الطباع عن حماد عن يحيى بن سعيد عن أبى أمامة وعبد اللّٰه بن عامر بن ربيعة قرنهما عن عثمان . أخرجه النسائى رقم الحديث: 4031 . وروى من وجه آخر عن عثمان من طريق مطر الوراق' عن نافع عن ابن عمر عن عثمان . آخرجه أحمد رقم الحديث: 452' وفى الفضائل رقم الحديث: 752' والنسائى رقم الحديث: 4068' وعمر ابن شبة فى تاريخ المدينة جلد 4صفحه1187' والبزار رقم الحديث: 346' وابن عساكر رقم الحديث: 348-349 . من طريق يعلى بن حكيم عن نافع به ' أخرجه البزار رقم الحديث: 345' وابن عساكر رقم الحديث: 349-350 . من طريق بسر بن سعيد' عن عثمان أخرجه النسائى رقم الحديث:4069 .

AlHidayah - الهداية

قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الدَّارِ وَهُوَ مَحْصُورٌ وَكُنَّا نَدْخُلُ مَدْخَلًا نَسْمَعُ مِنْهُ كَلَامَ مَنْ فِي الْبَلَاطِ فَدَخَلَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثُمَّ خَرَجَ مُتَغَيِّرَ اللَّوْنِ فَقِيلَ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَا شَأْنُكَ؟ قَالَ: إِنَّهُمْ لَيَتَوَاعَدُونِّي بِالْقَتْلِ آنِفًا وَلَمْ أَسْتَيْقِنْ ذَلِكَ مِنْهُمْ حَتَّى كَانَ الْيَوْمَ فَقُلْنَا: يَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ: وَبِمَ يَقْتُلُونِي؟ وَقَدْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِإِحْدَى ثَلَاثٍ: رَجُلٌ كَفَرَ بَعْدَ إِسْلَامِهِ أَوْ زَنَى بَعْدَ إِحْصَانِهِ أَوْ قَتَلَ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ، فَوَاللّٰهِ مَا زَنَيْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَلَا فِي الْإِسْلَامِ قَطُّ وَلَا أَحْبَبْتُ بِدِينِي بَدَلًا مُنْذُ هَدَانِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَا قَتَلْتُ نَفْسًا فَعَلَامَ يُرِيدُ هَؤُلَاءِ قَتْلِي؟

ہیں کہ ہم حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے اس گھر میں جس میں وہ بند کیے ہوئے تھے اور ہم آپ کے پاس ادھر سے داخل ہوئے کہ ہم آپ کا کلام سنتے تھے بلاط میں کون ہے؟ پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ آئے پھر نکلے تو آپ کا رنگ بدلا ہوا تھا آپ سے عرض کی گئی: اے امیرالمؤمنین! کیا وجہ ہے؟ آپ نے فرمایا: مجھے ابھی قتل کے متعلق ڈرا رہے ہیں اور مجھے اس پر یقین نہیں ہے یہاں تک کہ آج کا دن۔ ہم نے عرض کی: اے امیرالمؤمنین! اللہ آپ کو کافی ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے کیوں قتل کیا جائے گا؟ حالانکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا ہے کہ کسی مسلمان کا خون بہانا جائز نہیں سوائے تین چیزوں کے (۱) جو اسلام لانے کے بعد کافر ہو جائے (۲) اور جس نے شادی کے بعد زنا کیا (۳) جس نے بغیر وجہ کے کسی کو قتل کیا۔ سو اللہ کی قسم! میں نے نہ جاہلیت میں اور نہ ہی اسلام میں کبھی زنا کیا نہ میں نے دین بدلا ہے جب سے اللہ عزوجل نے مجھے ہدایت (اسلام) کی سعادت عطا کی ہے اور نہ میں نے کسی کو قتل کیا ہے سو یہ بتائیں کہ مجھے کیوں قتل کر رہے ہیں؟

73 — حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ،

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت

73- حديث صحيح وأبو عبد الرحمن قد سمع من عثمان على الصحيح . من طريق المصنف أخرجه الترمذى رقم الحديث: 2907 وقال الترمذى: حسن صحيح . من طريق شعبة ' به أخرجه ابن أبى شيبة جلد 10 صفحه 502' وأحمد رقم الحديث: 412-413' والدارمى رقم الحديث: 3338' والبخارى رقم الحديث: 5027' وأبو داؤد رقم الحديث: 1452' والنسائى فى الكبرىٰ رقم الحديث: 8036' والبغوى فى الجعديات رقم الحديث: 479' وابن حبان رقم الحديث: 118 . وروى هذا الحديث يحيى القطان عن شعبة وسفيان عن علقمة بن مرثد عن سعد ابن

AlHidayah - الهداية

قَالَ: اَخْبَرَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ، قَالَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ: فَذَاكَ اَقْعَدَنِي مَقْعَدِي هَذَا

ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے بہتر شخص وہ ہے جو قرآن سیکھے اور سکھائے۔ حضرت ابوعبدالرحمٰن فرماتے ہیں: اسی وجہ سے مجھے آپ نے اس جگہ بٹھایا۔

74 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلَا يَخْطُبُ

حضرت ابان بن عثمان اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: محرم نہ نکاح کر سکتا ہے اور نہ ہی پیغامِ نکاح دے سکتا ہے۔

فائدہ: مراد یہ ہے کہ وطی نہیں کر سکتا ہے' نکاح حالتِ احرام میں کیا جا سکتا ہے۔ سیالکوٹی غفرلہٗ

75 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت

عبيدة به أخرجه أحمد رقم الحديث: 500' والترمذى رقم الحديث: 2908' والنسائى فى الكبرى رقم الحديث: 8037' وابن ماجه رقم الحديث: 211' والبزار رقم الحديث: 396' وقال الترمذى: حسن صحيح .

74- حديث صحيح . وأبان قد سمع من أبيه على الصحيح . من طريق المصنف أخرجه الخطيب فى الفصل للوصل المدرج فى النّقل جلد 2صفحه853 . من طريق ابن أبى ذئب' به أخرجه البزار رقم الحديث: 366' والبغوى فى الجعديات رقم الحديث: 2812' والطحاوى جلد2صفحه268 . من طريق نافع' به أخرجه مالك جلد 1 صفحه348-349' وأحمد رقم الحديث: 401' والدارمى رقم الحديث: 1830' ومسلم رقم الحديث: 1409' وأبو داؤد رقم الحديث: 1841' والترمذى رقم الحديث: 840' والنسائى رقم الحديث: 2842-2843' وابن ماجه رقم الحديث: 1966 . وقال الترمذى: حسن صحيح . من طريق نبيه بن وهب' به أخرجه الحميدى رقم الحديث: 33' وأحمد رقم الحديث: 466' والدارمى رقم الحديث: 2204' ومسلم رقم الحديث: 1409' والنسائى رقم الحديث: 2844 .

75- حديث صحيح . من طريق المصنف أخرجه عبد بن حميد رقم الحديث: 58' وأبو عوانة جلد1 صفحه228-244 . من طريق شعبة' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 406-473-503' ومسلم رقم الحديث: 231'

جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حُمْرَانَ بْنَ اَبَانَ، يُحَدِّثُ اَبَا بُرْدَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ اَتَمَّ الْوُضُوءَ كَمَا اَمَرَهُ اللّٰهُ فَالصَّلَوَاتُ كَفَّارَاتٌ لِمَا بَيْنَهُنَّ

ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے مکمل وضو کیا جس طرح اللہ نے اس کو حکم دیا تھا تو نمازیں (اس کے ان گناہوں کا) کفارہ ہو جائیں گی جو ان کے درمیان اس سے ہوتے ہیں۔

76 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَبَانَ، اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اُتِيَ بِالْوَضُوءِ لِصَلَاةِ الْعَصْرِ وَهُوَ بِالْمَقَاعِدِ فَقَالَ عُثْمَانُ: اِنِّي قَدْ رَاَيْتُ اَنْ اُحَدِّثَكُمْ بِحَدِيثٍ مَا ظَنِّي اُحَدِّثُكُمُوهُ فَقَالَ الْحَكَمُ بْنُ اَبِي الْعَاصِ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِنَّمَا هُوَ خَيْرٌ نَتَّبِعُهُ اَوْ شَرٌّ نَتَّقِيهِ فَقَالَ: اُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْمَقَاعِدِ بِالْوَضُوءِ فَقَالَ: مَنْ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ وُضُوءَهُ ثُمَّ صَلَّى فَاَتَمَّ رُكُوعَهَا وَسُجُودَهَا كُفِّرَ عَنْهُ مَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الصَّلَاةِ الْاُخْرَى مَا لَمْ يَرْكَبْ مَقْتَلَةً، يَعْنِي مَا لَمْ

حضرت حمران بن ابان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے لیے وضو کا پانی لایا گیا نمازِ عصر کے لیے اور آپ مقاعد کے مقام پر تھے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری رائے تھی کہ میں تم کو حدیث بیان کروں میرا خیال ہے کہ میں اس کو بیان نہ کروں۔ تو حضرت حکم بن ابی العاص نے عرض کی: اے امیر المومنین! (آپ بیان کریں) اگر وہ بہتر ہوئی تو ہم اس کی اتباع کریں گے اور اگر بری ہوئی تو ہم اس سے بچیں گے۔ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا آپ مقاعد کے مقام پر وضو کر رہے تھے آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے اچھی

والنسائی رقم الحديث: 145' وابن ماجه رقم الحديث: 1459' والبزار رقم الحديث: 416' وابن حبان رقم الحديث: 1043' وأبو عوانة جلد 1 صفحه 228-244-245' وأبو القاسم البغوى فى الجعديات رقم الحديث: 468' وأبو محمد البغوى فى شرح السنة رقم الحديث: 154 . من طريق جامع بن شداد' به أخرجه ابن أبى شيبة جلد1صفحه7' ومسلم رقم الحديث: 231' والبزار رقم الحديث: 417' وأبو عوانة جلد1صفحه228 .

76- حديث صحيح من طرق عن هشام' به أخرجه مالك جلد 1 صفحه30' وعبد الرزاق رقم الحديث: 141' والحميدى رقم الحديث: 35' وابن أبى شيبة جلد2صفحه388' وأحمد رقم الحديث: 400' وعبد بن حميد رقم الحديث: 60' ومسلم رقم الحديث: 227' والنسائى رقم الحديث: 146' وابن خزيمة رقم الحديث: 2' وابن حبان رقم الحديث: 1041' والبغوى فى شرح السنة رقم الحديث: 153 . من طريق عروة به أخرجه البخارى رقم الحديث: 160' ومسلم رقم الحديث: 227 .

AlHidayah - الهداية

يَرْكَبْ كَبِيرَةً

طرح وضو کیا' پھر نماز پڑھی' اور اس نماز کا رکوع وسجدہ مکمل کیے' تو اس کے لیے ایک نماز سے لے کر دوسری نماز تک کے گناہ مٹا دیئے جائیں گے' بشرطیکہ جب تک کبیرہ گناہ نہ کرے۔

77 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ حُمْرَانَ بْنِ اَبَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، قَالَ: اُتِیَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْوُضُوءِ وَهُوَ بِالْمَقَاعِدِ لِصَلَاةِ الْعَصْرِ فَقَالَ: اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوءَ ثُمَّ صَلَّى الصَّلَوَاتِ ـ قَالَ حَمَّادٌ: اَحْسَبُهُ قَالَ فِي جَمَاعَةٍ ـ فَاَتَمَّ رُكُوعَهَا وَسُجُودَهَا غَفَرَ اللّٰهُ مَا بَيْنَهُمَا مَا لَمْ يَرْكَبْ مَقْتَلَةً

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مقاعد کے مقام پر رسول اللہ ﷺ کے لیے نمازِ عصر کے وقت وضو کا پانی لایا گیا تو آپ نے فرمایا: بے شک مسلمان جب اچھی طرح وضو کرے پھر نماز پڑھے۔ حماد نے کہا: میرا خیال ہے کہ فرمایا: جماعت کے ساتھ' پس اس کے رکوع وسجود مکمل طور پر کرے تو اللہ اس کے درمیان والے گناہ معاف فرما دیتا ہے جبکہ وہ جنگ سے نہ بھاگا ہو۔

78 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ رَجُلًا كَانَ سَهْلًا قَاضِيًا وَمُقْتَضِيًا وَبَائِعًا وَمُبْتَاعًا فَدَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی قرض لینے دینے اور خرید و فروخت کرنے میں نرمی کرتا تھا' تو اللہ عزوجل نے اس کو جنت میں داخل کر دیا۔

77- حديث صحيح وفي هذا الاسناد اختلاف فرواه حماد بن سلمة ' عن عاصم ابن بهدلة عن موسى عن حمران ذكره الدارقطني في العلل جلد 3صفحه24' عن حماد تعليقا وخلافه أبو عوانة فرواه عن عاصم عن المسيب بن رافع عن موسى بن طلحة عن حمران أخرجه أحمد رقم الحديث:484' والبزار رقم الحديث:248 .

78- اسناده ضعيف لابهام الراوى عن عثمان . من طريق شعبة به أخرجه أحمد رقم الحديث: 414' والبغوى في الجعديات رقم الحديث:1651' وروى من وجه آخر عن عثمان' من طريق يونس بن عبيد عن عطاء بن فروخ' عن عثمان أخرجه أحمد رقم الحديث: 410-485-508' وعبد بن حميد رقم الحديث: 47' والنسائي رقم الحديث:4710' وابن ماجه رقم الحديث:2202' والبزار رقم الحديث:392 .

AlHidayah - الهداية

79 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِی الزِّنَادِ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، یَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: مَا مِنْ عَبْدٍ یَقُولُ فِی صَبَاحِ کُلِّ یَوْمٍ اَوْ مَسَاءِ کُلِّ لَیْلَةٍ: بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِی لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیعُ الْعَلِیمُ اِلَّا لَمْ یَضُرَّهُ شَیْءٌ، قَالَ: وَکَانَ اَبَانُ قَدْ اَصَابَهُ رِیحٌ مِنَ الْفَالِجِ فَدَخَلَ عَلَیْهِ رَجُلٌ فَرَاٰی مَا بِهِ فَفَطِنَ لَهُ اَبَانُ بْنُ عُثْمَانَ فَقَالَ: اِنَّ الْحَدِیثَ کَمَا حَدَّثْتُكَ وَلٰكِنْ لَمْ اَقُلْهُ یَوْمَئِذٍ لِیَمْضِیَ قَدَرُ اللّٰهِ

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: جو بندہ ہر صبح و شام "بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِی لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیعُ الْعَلِیمُ" پڑھ لے اس کو کوئی شے نقصان نہیں دے گی۔ کہتے ہیں کہ حضرت ابان کو فالج کی بیماری لگ گئی تھی، تو ان کے پاس ایک آدمی آیا، اس نے دیکھا تو سمجھ گئے کہ انہیں کیا ہے، سو حضرت ابان بن عثمان بھی اس کو کہنے لگے: یہ حدیث ایسے ہی ہے جیسے میں نے تم سے بیان کی ہے، لیکن میں نے اس دن یہ (دعا جو حدیث میں مذکور ہے) نہیں پڑھی تھی تا کہ اللہ کی تقدیر کا فیصلہ جاری ہو۔

80 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ

حضرت عامر بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

79- حدیث صحیح بمجموع طرقه واسناد المصنف ضعیف لحال عبد الرحمٰن بن أبی الزناد فقد ضعفه غیر واحد وخاصة فی روایة العراقیین عنه . من طریق المصنف مطولًا ومختصرًا أخرجه البخاری فی الأدب المفرد رقم الحدیث: 660، والترمذی رقم الحدیث: 3388، والنسائی فی الکبری رقم الحدیث: 10178، وابن ماجه رقم الحدیث: 3869، والطحاوی فی المشکل رقم الحدیث: 3076، والحافظ فی نتائج الأفکار جلد2 صفحه 347-348، وقال الترمذی: حسن صحیح غریب . من طرق عن ابن أبی الزناد، به أخرجه أحمد رقم الحدیث: 446-474، والحاکم جلد1 صفحه514 . وقال الحاکم: صحیح الاسناد ووافقه الذهبی .

80- حدیث صحیح واسناد المصنف ضعیف لحال عبد الرحمٰن بن أبی الزناد وعزاه البوصیری فی الاتحاف بذیل المطالب رقم الحدیث: 4617 للمصنف . من طریق جماعة العراقیین عن ابن أبی الزناد، به أخرجه أحمد رقم الحدیث: 469، والبزار رقم الحدیث: 383، والطبرانی فی جزء حدیث: من کذب علی متعمدًا صفحه 37-38، وابن عدی جلد1 صفحه17، وابن الجوزی فی الموضوعات جلد 1 صفحه58-59 . من طریق ابن وهب أخرجه الطبرانی فی جزئه صفحه 37-38، والطحاوی فی المشکل رقم الحدیث: 382 . من طریق سلیمان بن داود الهاشمی کلاهما عن ابن أبی الزناد، به ذکره ابن الجوزی فی الموضوعات جلد 1 صفحه59-58، من طریق أبی

AlHidayah - الهداية

بْنُ اَبِی الزِّنَادِ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ، یَقُولُ: وَاللّٰهِ مَا یَمْنَعُنِی اَنْ اُحَدِّثَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنِّی لَا اَکُونُ اَوْعَاهُمْ لِحَدِیثِهِ وَلٰکِنْ اَشْهَدُ اَنِّی سَمِعْتُهُ یَقُولُ: مَنْ قَالَ عَلَیَّ مَا لَمْ اَقُلْ فَلْیَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

